Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل، 16 جون 2026، یکم محرم الحرام 1447ھ، قیمت 20روپے | شمارہ 64

مریم نواز کا ہر شہر میں پی ایچ اے قائم، روایتی میلے بحال کرنے کا حکم

مہنگائی پہلی مرتبہ نیچے آئی ہے یہ خود بخود نہیں ہوا پس منظر میں ہماری کاوشیں ہیں، مریم نواز

ہر شعبے میں تیزی سے بہتری آرہی ہے، حلف دیتی ہوں آج تک کوئی بندہ سفارش پر نہیں لگایا، مریم نواز کا اجلاس سے خطاب

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے اسکول آف آرٹ اینڈ ویژول اینڈ پرفارمنگ آرٹس کے تحت النائی سیریز کے چوتھے تھیٹر Hai "Down" System میں صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ ڈرامہ رائٹر بی گل کو گلدستہ پیش کرتے ہوئے اس موقع پران کے ہمراہ ہدایت کار خالد احمد اور اداکار رنذر الحسن بھی موجود ہیں۔

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ مہنگائی پہلی مرتبہ نیچے آئی ہے، یہ خود بخود نہیں ہوا، اس کے پس منظر میں ہماری کاوشیں ہیں، خرابیاں دور کررہے ہیں، ہر شعبے میں تیزی سے بہتری آرہی ہے، حلف دیتی ہوں آج تک کوئی بندہ سفارش پر نہیں لگایا، پہلی مرتبہ پرائس کنٹرول کیلئے باقاعدہ نیا ڈیپارٹمنٹ بنا رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ہر شہر میں پی ایچ اے بنانے کا اعلان کرتے (بقیہ نمبر 1)

مری میں بسلسلہ محرم الحرام ٹریفک پلان جاری: چیف ٹریفک آفیسر مری

بوقت ضرورت بوجہ جلوس ڈائیورشن کی صورت میں ٹریفک وارڈنز آفیسر کی ہدایات پر عمل کریں

مری میں ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرکے محب وطن شہری ہونے کا ثبوت دیں

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی کے احکامات پر ڈی ایس پی ٹریفک مری غازی سہیل شہزاد نے عمل کرتے ہوئے سرکل مری محرم الحرام کے حوالے سے ٹریفک پلان جاری کر دیا دوسرے شہروں کی طرح مری میں، مین مری شہر، تریٹ سیداں، موہڑہ سیداں، بھمروٹ سیداں نیو مری میں محرم الحرام کے سلسلے میں جلوس نکالے جاتے ہیں اور مجالس ہوتی ہیں اس لئے تمام ضلع مری میں ٹریفک وارڈنز کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں اور جلوسوں کے ہمراہ داخلی و خارجی راستوں پر اضافی ڈیوٹیاں لگا دی گئی ہیں تا کہ جلوس کے راستوں پر کسی بھی قسم کی کوئی ٹریفک نہ ہو بوقت ضرورت تریٹ سیداں و مر (بقیہ نمبر 2)

سرکاری نرخ نامے بے اثر، بازار آزاد؟ راولپنڈی میں دودھ، دہی اور اشیائے ضروریہ کی من مانی قیمتوں پر شہری سراپا احتجاج

گرجا روڈ، چکری روڈ اور گردونواح میں مقررہ ریٹ سے زائد فروخت کی شکایات، عوام نے پرائس کنٹرول نظام کی کارکردگی پر سوال اٹھا دیے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) حکومت کی جانب سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور مہنگائی پر قابو پانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اشیائے خوردونوش کے سرکاری نرخ جاری کیے جاتے ہیں، تاہم راولپنڈی کے مختلف علاقوں خصوصاً گرجا روڈ، چکری روڈ اور گردونواح میں شہریوں نے الزام عائد کیا ہے کہ عملی طور پر بازار میں سرکاری نرخ نامے کی عملداری دکھائی نہیں دے رہی جبکہ متعدد بنیادی اشیاء مقررہ قیمتوں سے زائد نرخوں پر فروخت کی جا رہی ہیں۔ شہریوں کے مطابق سرکار (بقیہ نمبر 5)

امریکہ ایران معاہدے پر اگر کوئی نوبل انعام کا حق دار ہے تو وہ پاکستان کی قیادت ہے، سپیکر قومی اسمبلی

اللہ کا جتنا بھی شکرادا کریں کم ہے کہ یہ اعزاز پاکستان کے حصے میں آیا ہے کہ پاکستان کے کردار کی وجہ سے شاید تیسری جنگ عظیم

اسلام آباد (یواین پی) سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے امریکہ ایران امن معاہدہ طے پانے پر پاکستان کی پس پردہ کامیاب ترین سفارتکاری پر پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے پاکستان کی سول اور عسکری قیادت کو دنیا کے اعلیٰ ترین اعزاز نوبل امن انعام کا حقدار قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی اجلاس کے دوران سپیکر ایاز صادق نے اس سفارتی کامیابی کو عالمی تاریخ کا سب سے بڑا معجزہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کر (بقیہ نمبر 4)

گرجا روڈ پر مرمت یا عوام کی مزید آزمائش؟ سڑک بنی، گلیاں بند، شہری پانی کو ترس گئے

ایک سال کھڈے برداشت کرنے والے شہری اب ملبے تلے دب گئے، سیاسی نمائندوں کے دعوے سوال بن گئے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گرجا روڈ پر گزشتہ سال محکمہ سوئی گیس کی جانب سے گیس پائپ لائن بچھانے کے لیے سڑک کھودی گئی، مگر شہریوں کے مطابق اس کے بعد ایک سال تک سڑک کی بحالی نہ ہونے سے علاقہ مکین مسلسل مشکلات کا شکار رہے۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک رواں رکھنے اور حادثات سے بچنے کے لیے وہ اپنی مدد آپ کے تحت کھڈوں میں مٹی ڈالتے رہے جبکہ متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے رہے۔ اب جب نیشنل ہائی وے حکام نے سڑک کی (بقیہ نمبر 3)

ایم این اے ندیم عباس ربیرہ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کررہے ہیں۔

غزہ اسرائیلی حملوں میں مزید 70 فلسطینی شہید

حماس کا اسرائیل کی پیش کردہ 34 قیدیوں کی فہرست سے اتفاق، کوئی بھی معاہدہ اسرائیل کے غزہ سے انخلا اور مستقل جنگ بندی سے مشروط ہے، حماس

بدشالی غزہ میں لڑائی کے دوران اس کے 3 فوجی ہلاک ہوگئے، جس سے فلسطینی علاقے میں اس کے جانی نقصان کی تعداد 399 ہوگئی ہے، اس کے علاوہ ایک اسرائیلی فوجی زخمی بھی ہوا۔ ادھر غزہ سے یرغمالیوں کی رہائی کرانے کیلئے اسرائیلیوں نے احتجاج کیا

غزہ، تل ابیب، پیرس (این ای این) غزہ پر اسرائیلی بربریت جاری، اسرائیلی فوج کے تازہ حملوں میں مزید 60 سے زائد فلسطینی شہید ہو گئے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی طیاروں نے شجاعیہ میں مواصلاتی کمپنی پر فضائی حملہ کیا جس میں ٹاور پر کام کرتے 4 ملازمین شدید زخمی ہوئے، مقبوضہ مغربی کنارے میں بھی اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 2 بچوں سمیت 3 فلسطینی شہید ہوگئے۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق غزہ میں پچھلے (بقیہ نمبر 6)

14 اکتوبر احتجاج کا کیس، سہیل آفریدی کے وارنٹ برقرار

اسلام آباد (یواین پی) انسداد دہشت گردی عدالت نے وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے پی ٹی آئی کے کئی رہنماؤں (بقیہ نمبر 22)

انارکلی میں کپڑے کے گودام میں آتشزدگی

واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی

لاہور (یواین پی) انارکلی کے علاقے میں واقع کپڑے کے ایک گودام میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق اطلاع ملتے ہی فائر فائٹرز موقع پر پہنچ گئے اور فوری طور پر امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئیں۔ ریسکیو ٹیموں نے بر (بقیہ نمبر 23)

آج سے پہلے اگر پنڈی اسلام آباد میں اتنا تعاون ہوتا تو کئی عالمی اعزاز مل چکے ہوتے

اسلام آباد (یواین پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آج سے پہلے بھی اگر پنڈی اور اسلام آباد میں اتنا تعاون ہوتا تو پاکستان کو کئی بین الاقوامی اعزاز مل چکے ہوتے، ہم تاریخ کے ایک اہم دور سے گز (بقیہ نمبر 25)

امریکا ایران معاہدہ پوری دنیا میں امن وخوشحالی کی راہ ہموار کرے گا

پیشرفت اس اجتماعی عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ تصادم کے بجائے مذاکرات اور بات چیت کا راستہ اختیار کیا

اسلام آباد (یواین پی) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والی مفاہمت کا گرمجوشی سے خیرمقدم کرتا ہے۔ اپنے بیان میں وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ اہم پیش رفت مسلسل سفارتی کوششوں اور دوست ممالک کے اس اجتماعی عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ تصادم کے بجائے مذاکرات اور بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ پیش رفت عالمی برادری کے لیے بھی ایک حوصلہ افزا پیغام ہے، جو عالمی منڈیوں اور معیشت میں اعتماد اور استحکام کو فروغ دے گی، خصوصاً ان ترقی پذیر ممالک کے لیے جو علاقائی کشیدگی سے سب سے زیادہ متاثر (بقیہ نمبر 24)



ایم این اے ڈاکٹر صدف احسان اللہ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کررہی ہیں۔

بجٹ نے پائیدار ترقی کی سمت متعین کر دی، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

کراچی (یواین پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کا اعتماد مسلسل بڑھ رہا ہے اور یہی اعتماد ملکی معیشت کی بہتری کا مظہر ہے، پاکستان جیسا منافع دنیا کی کسی بھی اسٹاک مارکیٹ میں (بقیہ نمبر 26)

بجٹ کو محض سالانہ روایتی رسم کی بجائے طویل المدتی قومی ترقیاتی حکمت عملی سے جوڑا جانا چاہیے

لاہور (یواین پی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے مالیاتی پالیسیوں کے ساتھ طویل المدتی معاشی منصوبہ بندی کی (بقیہ نمبر 27)

فیلڈ مارشل نے اس بار ملک کیلئے نہیں، دنیا کیلئے کردکھایا' محسن نقوی

سوشل میڈیا پر فیلڈ مارشل کی تصویر کے ساتھ پیغام جاری

اسلام آباد (یواین پی) وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل نے اس بار صرف اپنے ملک کیلئے نہیں بلکہ دنیا کیلئے کردکھایا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ فیلڈ (بقیہ نمبر 28)

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے اسکول آف آرٹ اینڈ ویژول اینڈ پرفارمنگ آرٹس کے تحت النائی سیریز کے چوتھے تھیٹر Hai "Down" System میں اداکار رنذر الحسن مرکزی کردار ادا کرتے ہوئے

ہواوے کی مدد سے سالانہ 3 لاکھ طلبا کی بیت آئی ٹی برآمدات بڑھیں گی

اسلام آباد سمارٹ سٹی منصوبے کے تحت ٹریفک، صحت اور تعلیم کی خدمات سے لے کر پارکنگ وغیرہ جیسے دیگر سہولیات ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر میسر ہوں گی

حکومت نہ صرف خواتین بلکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر اس تربیتی پروگرام کا حصہ بنائے گی

اسلام آباد (این ای این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہواوے کی مدد سے سالانہ تین لاکھ پاکستانی طلباء و طالبات کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کی پیشہ ورانہ تربیت سے ملک کی آئی ٹی برآمدات بڑھیں گی، خودکار، جدید اور تیز تر گورننس کے نظام کے نفاذ کے لئے حکومتی اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ہواوے پاکستان کے چیف ایگز (بقیہ نمبر 7)

پنجاب کا بجٹ 16 جون کو پیش کرنے کی منظوری

وزیراعلیٰ پنجاب کی منظوری کے بعد بجٹ پیش کرنے کے شیڈول کو حتمی شکل دے دی گئی

لاہور (یواین پی) وزیراعلیٰ پنجاب نے مالی سال 2026-27 کا بجٹ 16 جون کو پیش کرنے کی منظوری دے دی۔ پنجاب کا آئندہ مالی سال کا بجٹ 16 جون کو صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی منظوری کے بعد بجٹ پیش کرنے کے شیڈول کو حتمی شکل دے دی گئی، پنجاب حکومت نے نئے مالی سال کے بجٹ کی تیاری مکمل کر لی، 16 جون کو اہم مالی دستاویز پیش ہوگی۔ صوبے کی ترقی، عوامی فلاح اور نئے منصوبوں کا روڈ میپ بجٹ میں شامل کئے جانے کا امکان ہے۔ پنجاب کا اربوں روپے کا ترقیاتی پروگرام اور اہم شعبوں کے فنڈز بجٹ کا حصہ ہوں گے، بجٹ میں تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر اور سماجی شعبے (بقیہ نمبر 21)

انجینئر عامر خٹک نے ضلع مری کا دورہ کیا

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے ضلع مری کا دورہ کیا جہاں انہوں نے محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے امن کمیٹی کے اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر مری، علمائے کرام، مختلف مکاتب فکر کے نمائندگان، مجالس و جلوسوں کے منتظمین، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، پولیس، محکمہ صحت، میونسپل اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے سربراہا (بقیہ نمبر 29)

کوکنگ آئل، فٹ وئیر کو تھرڈ شیڈول میں شامل کرنے کی تجویز واپس لینے کا مطالبہ

اضافی ٹیکس کی وجہ سے عوام کو مزید بوجھ برداشت کرنا پڑے گا

لاہور (یواین پی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے فنانس بل 2026 میں گھی، کوکنگ آئل اور فٹ وئیر کو سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے تھرڈ شیڈول میں شامل کرنے (بقیہ نمبر 8)



آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے اسکول آف آرٹ اینڈ ویژول اینڈ پرفارمنگ آرٹس کے تحت النائی سیریز کے چوتھے تھیٹر Hai "Down" System میں اداکار رنذر الحسن مرکزی کردار ادا کرتے ہوئے

شہر میں شدید گرمی سے راحت حاصل کرنے کے لیے ایک نوجوان نہر میں نہا رہا ہے۔

کراچی، شہر میں فائرنگ اور ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق

کراچی (یواین پی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے فائرنگ اور ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ خاتون سمیت دو افراد زخمی ہوگئے۔ پی آئی ڈی سی پل کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار جاں بحق ہوگیا۔ ایدھی حکام کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص (بقیہ نمبر 10)

ہموار کرے گا۔ عمران خان کو ہسپتال میں طبی معائنے کے بعد دوبارہ اڈیالہ منتقل کردیا گیا

بانی پی ٹی آئی کو علاج کے لیے فوری ہسپتال منتقل اور ان کے اہل خانہ کی ملاقات کروائی جائے

اسلام آباد (یواین پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے بتایا ہے کہ عمران خان کو ہسپتال میں طبی معائنے کے بعد دوبارہ اڈیالہ منتقل کردیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 9)

ہائی وے کے زیرِ نگرانی کھیوڑہ ٹف ٹائل منصوبے پر سوالات

مبینہ ناقص تعمیراتی کام، نکاسی آب کے مسائل نظر انداز، عوامی سرمایہ ضائع ہونے کا خدشہ

پنڈدادنخان (سرفراز عباس) سیاحتی شہر کھیوڑہ میں محکمہ ہائی وے کے زیرِ نگرانی جاری ٹف ٹائل منصوبہ شہریوں کی تنقید کا مرکز بن گیا ہے۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ منصوبے میں مبینہ خامیوں اور ناقص تعمیراتی کام کی متعدد بار نشاندہی کی جا چکی ہے، تاہم تاحال کسی مؤ (بقیہ نمبر 20)

ورلڈ بینک کا پاکستان سے بجلی، گیس کی قیمت میں مزید اضافہ کا مطالبہ

شعبہ توانائی کا گردشی قرضہ بڑھ کر 55 کھرب ہوگی

ٹیرف میں اصلاحات کو جاری رکھا جائے تاکہ ٹیرف کو سپلائی کی لاگت سے ہم آہنگ کیا جا سکے

اسلام آباد (این ای این) بجلی اور گیس کے گردشی قرضے اس سال جنوری کے اختتام تک اوسطاً 135 ارب روپے سے بڑھ کر 55 کھرب تک پہنچ گئے جو جی ڈی پی کے تقریباً 1.5 فیصد بنتے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عالمی بینک نے گردشی قرضوں کے بارے میں اپنی تازہ ترین اپ ڈیٹ میں بتایا کہ حکومت نے گردشی قرضوں پر قابو پانے کے لیے پاور سیکٹر میں جامع اصلاحات کی ہیں (بقیہ نمبر 11)

پنجاب کا 5131 ارب حجم کا آئندہ مالی سال کا بجٹ (آج) پیش کیا جائے گا

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی بھی بجٹ اجلاس میں شرکت متوقع

لاہور (یواین پی) پنجاب کا مالی سال 2026-27 کا بجٹ آج (پیر) کے روز پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائے گا جس کے لئے تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کے آئندہ مالی سال کے بجٹ کا مجموعی حجم 5131 (بقیہ نمبر 19)

چکوال، سی سی ڈی اہلکار کی مبینہ فائرنگ سے ہلاک بچی کے والد کا بیان قلمبند

چکوال (یواین پی) چکوال میں سی سی ڈی اہلکار کی مبینہ فائرنگ سے 9 سال کی بچی ہلاکت کے واقعے کے بعد (بقیہ نمبر 13)

نئی نسل کو صحتمند، پاکیزہ اور معطر ہوائیں دینا چاہتے ہیں، مریم نواز

ونڈ انرجی توانائی کے حصول کے لئے مستقل کا اثاثہ بن سکتی ہے

لاہور (یواین پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ نئی نسل کو صحت مند، پاکیزہ اور معطر ہوائیں دینا چاہتے ہیں۔ ہواوں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ ہواوں کے عالمی دن پر توانائی کے نئے غیر روایتی ذرائع دریافت کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، ونڈ انرجی توانائی کے حصول کے (بقیہ نمبر 12)

کمشنر عرفان علی کاٹھیا گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

عالمی یوم ڈینگی کے موقع پر تحصیل ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا اجلاس اور آگاہی واک کا انعقاد

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) عالمی یوم ڈینگی کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر آفس مری میں تحصیل ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس کے بعد ڈینگی سے بچاؤ اور عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی واک کا بھی اہتمام کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر مری ارشد اقبال نے کی جبکہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر مریم علی عباسی نے شرکا (بقیہ نمبر 15)

مردان میں پاک فضائیہ کا تربیتی طیارہ گر کر تباہ، 2 پائلٹس شہید

وجوہات معلوم کرنے کیلئے ایئر ہیڈکوارٹرز نے تحقیقاتی بورڈ تشکیل دے دیا

مردان / اسلام آباد (یواین پی) پاک فضائیہ کا سپر مشاق تربیتی طیارہ معمول کی تربیتی پرواز کے دوران پیر کو مردان کے قریب گر کر تباہ ہوگیا جس کے نتیجے میں پاک فضائیہ کے ایک انسٹرکٹر پائلٹ اور پاکستان بحریہ کے ایک زیر تربیت افسر نے جام شہادت نوش کیا۔ پولیس کے مطابق تربیتی طیارہ صبح 8 بجکر 25 منٹ پر کاٹلنگ روڈ پر کریش ہوا۔ (بقیہ نمبر 14)

عالمی یوم ڈینگی پر راولپنڈی میں آگاہی واکس، سیمینارز کا انعقاد

شہریوں سے احتیاطی تدابیر اپنانے کی اپیل

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) عالمی یوم ڈینگی کے موقع پر ضلع راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں ڈینگی سے بچاؤ اور عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی واکس، سیمینارز، تربیتی سیشنز اور پمفلٹس کی تقسیم کا اہتمام کیا گیا۔ اس سلسلے میں محکمہ صحت، بلدیاتی ادارو (بقیہ نمبر 18)

ڈینگی سے بچاؤ کے اقدامات کے: کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کے نمائندگان کا اجلاس

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر راولپنڈی عبدالرحمٰن خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کے تحت ڈینگی تدارک کے حوالے سے کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کے نمائندگان کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کے عہدیداران، متعلقہ (بقیہ نمبر 16)

آندھی، جھکڑ اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی

16 سے 20 جون تک بالائی علاقوں میں موسلادھار بارش اور ژالہ باری کا بھی امکان

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) محکمہ موسمیات نے 16 سے 20 جون کے دوران ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں آندھی، تیز ہواؤں، گرج چمک اور وقفے وقفے سے بارشوں کی پیشگوئی کرتے ہوئے متعلقہ اداروں اور شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے (بقیہ نمبر 17)

کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خان برانڈ ذرود منصوبے پر بریفنگ لے رہے ہیں۔

Askari INSURANCE — Rawal Foundation

پاکستان عوامی قوت پارٹی

ہم وعدہ نہیں ہم عمل کرتے ہیں



راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال اسلام آباد، راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال باغ، راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال راولاکوٹ، راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال کوٹلی آپ کیلئے لارہے ہیں

عوامی ہیلتھ کارڈ

آؤٹ ڈور علاج (OPD) کی سہولیات
- ڈاکٹر چیک اپ فیس پر خصوصی 50% ڈسکاؤنٹ۔
- لیب، ایکسرے اور الٹراساؤنڈ پر خصوصی 10% ڈسکاؤنٹ۔

ان ڈور علاج (IPD) کی سہولیات
- کسی بھی علاج سے متعلق تمام چارجز داخلے سے ڈسچارج تک جیسے وارڈ چارجز، میڈیکل آفیسر، نرسنگ کیئر شامل ہیں
- یورالوجی، گائنی، بچوں کا علاج، ناک کان گلا، آنکھوں کا علاج و آپریشن
- لیب ادویات کی سہولت میسر ہوگی۔
- ایم آر آئی، سی ٹی سکین اور انجیوگرافی کی سہولت میسر ہوگی۔
- اینڈوسکوپی اور آئی سی یو کی سہولت میسر ہے

اہل افراد	علاج کی مقررہ حد	سالانہ ادائیگی
شوہر، بیوی اور 3 بچے	Rs. 500,000	Rs. 25,000/-
شوہر، بیوی اور 3 بچے	Rs. 800,000	Rs. 40,000/-

راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال لہتراڑ روڈ نزد کھنہ پل اسلام آباد

051-2617381-3. Ext 834, 0332-5473835, 0320-9824188

ipdoffice841@gmail.com

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

وفاقی بجٹ کے بعد عوام کے لیے حکومتی طفل تسلیاں

وفاقی میزانیہ برائے مالی سال 27-2026ء پیش کرنے کے بعد اب وزیراعظم سے لے کر وزراء، مشیروں اور خصوصی معاونین تک ہر کوئی اس بات کی وضاحتیں دیتا دکھائی دے رہا ہے کہ اس بجٹ میں عوام کے لیے ریلیف کے کون کون سے پہلو موجود ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ریلیف کے یہ سارے پہلو صرف حکومت سے وابستہ لوگوں کو دکھائی دے رہے ہیں، معاشیات اور مالیات کے ماہرین اور عوام کو ایسا کوئی پہلو نظر نہیں آ رہا، اور یہ کوئی نئی بات نہیں ہے، پاکستان میں گزشتہ نصف دہائی سے زائد عرصے سے یہ سلسلہ اسی طرح چل رہا ہے۔ محمد شہباز شریف اور ان کی کابینہ میں شامل افراد اگر حزبِ اختلاف کا حصہ ہوتے تو اسی قومی اسمبلی میں کھڑے ہو کر وہ بجٹ پیش کرنے والوں پر شدید تنقید کر رہے ہوتے جس اسمبلی میں وہ ایک شاندار بجٹ پیش کرنے کا کریڈٹ لیتے ہوئے اپنے آپ کو خود ہی شاباش دیتے نظر آ رہے ہیں۔

وفاقی وزیرِ خزانہ سینٹر محمد اورنگزیب تو زمینی حقائق سے واقف ہی نہیں ہیں۔ انھیں بیرونِ ملک سے ایک خاص مقصد کے لیے لایا گیا ہے اور ممکن ہے یہ مقصد پورا ہو جانے کے بعد وہ پھر باہر چلے جائیں۔ فی الحال وہ عوام کو یہ بتانے میں مصروف ہیں کہ مہنگائی کے فوائد کیا کیا ہیں اور حکومت عوام کے لیے کون کون سے عظیم کارنامے سرانجام دے رہی ہے۔ اسی سلسلے میں انھوں نے سنیچر کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا جس میں ان کا کہنا تھا کہ معاشی گروتھ اور ترقی کی راہ پر چل رہے ہیں اور نیا بجٹ اس میں بنیادی کردار ادا کرے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ معیشت کا سفر درست سمت میں ہے، گزشتہ سال معاشی استحکام کی بات ہو رہی تھی میں نے کہا تھا کہ استحکام کے بعد گروتھ کی طرف جائیں گے۔

فلپائن: آسیان کی طرف پاکستان کا دروازہ...!!

حاصلِ کلام
ٹی ایم اعوان
hasilekalaam@gmail.com

عالمی سیاست میں اکثر بڑی طاقتوں کی رقابتیں، جنگیں اور اسٹریٹجک اتحاد ہی توجہ کا مرکز بنے رہتے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں بہت سے ایسے تعلقات بھی موجود ہیں جو خاموشی سے آگے بڑھتے ہوئے وقت کے ساتھ مضبوط ہوتے چلے جاتے ہیں۔ پاکستان اور فلپائن کے تعلقات بھی انہی سفارتی رشتوں میں شامل ہیں جو سات دہائی سے زیادہ عرصے سے باہمی احترام، اعتماد اور خیر سگالی کی بنیاد پر قائم ہیں۔ اس سال پاکستان اور فلپائن اپنے سفارتی تعلقات کی ستترویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ حال ہی میں اسلام آباد میں فلپائن کے 128 ویں یوم آزادی کے موقع پر ہونے والی تقریب نے نہ صرف دونوں ممالک کے درمیان موجود دوستانہ تعلقات کی عکاسی کی بلکہ اس امر کی بھی نشاندہی کی کہ دونوں ممالک مستقبل میں تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، ثقافت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتے ہیں۔ پاکستان اور فلپائن نے 1949 میں سفارتی تعلقات قائم کیے۔ دونوں ممالک نوآبادیاتی دور سے نکل کر اپنی قومی شناخت اور ترقی کے سفر پر گامزن تھے۔ جغرافیائی فاصلے کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان کئی مشترکہ پہلو موجود رہے ہیں۔ دونوں ترقی پذیر معیشتیں ہیں، دونوں نوجوان آبادی کے حامل ممالک ہیں اور دونوں نے اپنے اپنے خطوں میں بدلتے ہوئے علاقائی اور عالمی حالات کے درمیان ترقی اور استحکام کی راہ اختیار کرنے کی کوشش کی ہے۔ اگرچہ 77 برس کے دوران دونوں ممالک کے تعلقات ہمیشہ خوشگوار رہے، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ان تعلقات میں ابھی بہت زیادہ گنجائش موجود ہے۔ سیاسی سطح پر موجود خیر سگالی ابھی تک معاشی تعاون میں مکمل طور پر تبدیل نہیں ہوسکی۔ یہی وجہ ہے کہ آج پاکستان اور فلپائن کے تعلقات کا سب سے اہم پہلو معاشی اور تجارتی روابط کا فروغ بن چکا ہے۔ پاکستان کی ٹیکسٹائل، فارماسیوٹیکل، سرجیکل آلات، زرعی مصنوعات اور آئی ٹی خدمات کی صنعتیں فلپائن کی مارکیٹ میں اپنی جگہ بنا سکتی ہیں، جبکہ فلپائن الیکٹرانکس، فوڈ پروسیسنگ، تعلیم، سیاحت اور سروس سیکٹر میں پاکستان کے لیے اہم مواقع فراہم کرتا ہے۔ بدقسمتی سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم ابھی بھی ان امکانات کے مقابلے میں بہت کم ہے جو حقیقتاً موجود ہیں۔ اس ضمن میں نجی شعبے کا کردار نہایت اہم ہے۔ فلپائن میں مقیم پاکستانی کاروباری شخصیات، بالخصوص معروف کاروباری شخصیت عبدالرزاق اور ان جیسے دیگر پاکستانی سرمایہ کار، گزشتہ کئی برسوں سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور کاروباری روابط کے فروغ میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان شخصیات کی کوششیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ بعض اوقات معاشی سفارت کاری سرکاری سفارت کاری سے زیادہ مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ کاروباری برادری، سرمایہ کار اور تجارتی ادارے دونوں ممالک کے درمیان وہ پل تعمیر کرسکتے ہیں جو سیاسی تعلقات کو معاشی شراکت داری میں تبدیل کر دیں۔ پاکستانی فارماسیوٹیکل صنعت بھی فلپائن کے ساتھ تعاون کا ایک اہم شعبہ بن سکتی ہے۔ دو دہائی کے دوران پاکستانی ادویہ سازی کے شعبے نے نمایاں ترقی کی ہے اور آج پاکستان خطے کے متعدد ممالک کو ادویات برآمد کررہا ہے۔

بجٹ کس کے لیے؟

حرفِ روشنی
آسیہ خٹک
roshnikhattak1986@gmail.com

ہر سال بجٹ پیش ہوتا ہے، اعداد و شمار کی لمبی فہرستیں سامنے آتی ہیں، ترقی کے دعوے کیے جاتے ہیں، معاشی استحکام کی نوید سنائی جاتی ہے اور عوام کو یقین دلایا جاتا ہے کہ یہ بجٹ ان کی زندگی میں آسانیاں لائے گا۔ مگر بجٹ تقریر ختم ہوتے ہی عام آدمی کے ذہن میں ایک ہی سوال جنم لیتا ہے: کیا واقعی یہ بجٹ میرے لیے ہے؟ بجٹ محض آمدن اور اخراجات کی دستاویز نہیں بلکہ یہ حکومتی ترجیحات کا آئینہ دار بھی ہوتا ہے۔ اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ریاست کن طبقات کو تحفظ دینا چاہتی ہے اور کس طبقے سے مزید قربانی کی توقع رکھتی ہے۔ بدقسمتی سے گزشتہ کئی برسوں کی طرح اس بار بھی بجٹ کا جائزہ لیا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ اس کے اصل مخاطب مڈل کلاس، تنخواہ دار طبقہ اور عام شہری نہیں ہیں بلکہ ہمیشہ کی طرح یہ بجٹ بھی اشرافیہ کے لیے ہے۔ بجٹ کے حوالے سے نجی ٹی وی کی ایک شہری سے گفتگو کی ویڈیو بہت زیادہ وائرل ہو رہی ہے جس میں شہری اپنے حالات بتاتے ہوئے رو پڑتا ہے۔ مطلب اس ملک میں ایک تنخواہ دار بندہ اپنے اخراجات پورے نہیں کرسکتا تو ایک دیہاڑی دار مزدور کیسے پورے کرے گا؟ اس بجٹ میں بھی ان کے لیے کوئی خاص امید دکھائی نہیں دی۔ اب آ جاتے ہیں تنخواہ دار طبقے پر۔ ہمارے ملک کا سب سے زیادہ منظم اور ذمہ دار طبقہ تنخواہ دار طبقہ ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ہر ماہ اپنی آمدن کا باقاعدہ حساب دیتے ہیں، ٹیکس ادا کرتے ہیں، بچوں کی تعلیم، گھریلو اخراجات اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باوجود قانون کے دائرے میں رہ کر زندگی گزارنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مگر ہر بجٹ میں سب سے پہلے انہی کی جیب پر نظر ڈالی جاتی ہے۔ ایک سرکاری ملازم، استاد، بینک ملازم، صحافی یا نجی ادارے میں کام کرنے والا متوسط طبقے کا ہر فرد آج جس معاشی دباؤ کا شکار ہے، شاید اس کی مثال ماضی میں کم ہی ملتی ہو۔ مہنگائی نے پہلے ہی زندگی مشکل بنا رکھی ہے۔ بجلی، گیس، پٹرول، بچوں کی فیسیں، علاج معالجہ اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کی آسمان سے باتیں کرتی قیمتیں مسلسل بڑھ رہی ہیں۔ ایسے میں بجٹ سے توقع تھی کہ اس طبقے کو کچھ ریلیف ملے گا، مگر حقیقت اس کے برعکس دکھائی دیتی ہے۔ اس سال کے بجٹ میں حکومت نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اور پنشن میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کیا ہے، جسے بظاہر ریلیف کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے۔ لیکن کیا موجودہ مہنگائی کے دور میں یہ اضافہ واقعی خاطر خواہ ہے؟ جب ضرورتِ زندگی کی تمام اشیاء کی قیمتیں مسلسل بڑھ رہی ہوں تو تنخواہ میں چند فیصد اضافے کا اثر ہی کیا ہوگا؟ ایک سرکاری ملازم کو اگر تنخواہ میں چند ہزار روپے زیادہ مل بھی جائیں تو وہ تب بھی بڑھتے ہوئے بلوں اور مہنگی ہوتی زندگی کو آسانی سے منیج نہیں کر سکتا۔ دوسری جانب حکومت نے ٹیکس وصولیوں کے بڑے اہداف مقرر کیے ہیں اور محصولات بڑھانے کے لیے مختلف ذرائع پر انحصار کیا جا رہا ہے۔ مسئلہ یہ نہیں کہ ریاست کو آمدن کی ضرورت کیوں ہے، مسئلہ یہ ہے کہ آمدن اکٹھی کرنے کا بوجھ کس کے کندھوں پر ڈالا جا رہا ہے۔ آج بھی تنخواہ دار طبقہ، رجسٹرڈ کاروبار اور مڈل کلاس سب سے زیادہ آسان ہدف سمجھے جاتے ہیں جبکہ معیشت کے کئی طاقتور شعبے مکمل طور پر ٹیکس نیٹ میں نہیں آ پاتے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر بجٹ کے بعد متوسط طبقے میں یہ احساس مزید گہرا ہو جاتا ہے کہ قربانی صرف انہی سے مانگی جارہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بجٹ میں دی گئی مراعات سے زیادہ اہم یہ دیکھنا ہے کہ عام آدمی کی قوتِ خرید میں کتنا اضافہ ہوا۔ اگر تنخواہ میں 10 فیصد اضافہ ہو لیکن اخراجات 20 یا 25 فیصد بڑھ جائیں تو کاغذی ریلیف اپنی افادیت کھو دیتا ہے۔ یہی وہ سوال ہے جو آج ایک استاد، کلرک، صحافی، بینک ملازم اور نجی ادارے میں کام کرنے والا ہر شخص اپنے آپ سے پوچھ رہا ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ بجٹ سازی کے عمل میں وہ طبقے زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں جن کے پاس وسائل، رسائی اور اثر و رسوخ موجود ہوتا ہے۔ اعلیٰ بیوروکریسی، بڑے سرمایہ دار، بااثر زمیندار اور اشرافیہ پر مشتمل پروفیشنل کلاس اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے منظم انداز میں کام کرتی ہے۔ بجٹ سے پہلے اسلام آباد کے ایوانوں اور راہداریوں میں مختلف شعبوں کے نمائندے متحرک ہو جاتے ہیں تا کہ اپنی مراعات برقرار رکھ سکیں یا مزید فوائد حاصل کر سکیں۔ دوسری جانب عام شہری کے پاس نہ کوئی مضبوط لابی ہے اور نہ ہی وہ بجٹ سازی کے عمل میں براہ راست اثر انداز ہوسکتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جس طبقے سے سب سے زیادہ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے، وہی طبقہ سب سے کم سنا جاتا ہے۔ یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ پاکستان میں ٹیکس نیٹ کا بڑا بوجھ انہی لوگوں پر ڈالا جاتا ہے جو پہلے ہی نظام میں رجسٹرڈ ہیں۔ تنخواہ دار طبقہ اپنی آمدن چھپا نہیں سکتا، اس لیے اس سے ٹیکس وصول کرنا آسان ہے، جبکہ معیشت کے کئی بڑے شعبے اب بھی مکمل طور پر ٹیکس نیٹ میں شامل نہیں ہو سکے۔ اس عدم توازن کی قیمت بھی عام شہری کو ادا کرنا پڑتی ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ حکومت کو معاشی مشکلات کا سامنا ہے۔ قرضوں کی ادائیگیاں، مالی خسارہ اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی شرائط اپنی جگہ ایک حقیقت ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ان مشکلات کا بوجھ کس حد تک منصفانہ انداز میں تقسیم کیا جا رہا ہے؟ اگر مہنگائی کا سامنا صرف عام آدمی کرے اور مراعات یافتہ طبقات بدستور آسودہ رہیں تو معاشی اصلاحات کا مقصد دفن ہو جاتا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ بجٹ سازی کے عمل کو زیادہ عوام دوست بنایا جائے۔ ٹیکس کا نظام منصفانہ ہو، غیر ضروری سرکاری اخراجات کم کیے جائیں، اشرافیہ کی مراعات پر نظر ثانی کی جائے اور متوسط طبقے کو معاشی ریلیف دیا جائے۔ یہی وہ طبقہ ہے جو کسی بھی ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ اگر یہی طبقہ کمزور پڑ گیا تو معاشی استحکام کا خواب بھی کمزور پڑ جائے گا۔ معیشت کی مضبوطی کے لیے ضروری ہے کہ بجٹ بناتے وقت صرف غریب ترین یا امیر ترین طبقے کو ہی نہیں بلکہ اس پسنے والے نوکری پیشہ اور سفید پوش طبقے کو بھی سامنے رکھا جائے۔ ہر سال بجٹ کے بعد حکومت کامیابی کے دعوے کرتی ہے اور اپوزیشن تنقید کرتی ہے، مگر اصل فیصلہ عوام کرتے ہیں۔ وہ عوام جو بازار میں خریداری کرتے وقت قیمتیں دیکھتے ہیں، اپنی استطاعت سے زیادہ بجلی کے بل ادا کرتے ہیں، بچوں کی فیس جمع کرواتے ہیں اور مہینے کے آخر میں اپنے بجٹ کا حساب لگاتے ہیں۔ شاید اسی لیے آج بھی ایک عام آدمی کے ذہن میں یہی سوال موجود ہے کہ آخر یہ بجٹ کس کے لیے بنایا گیا ہے؟



پارلیمنٹ کی ڈائری
وقار عباسی
waqar051@gmail.com

ایوان زیریں میں وفاقی بجٹ پر اراکین اسمبلی کی بحث جاری

قومی اسمبلی میں آئندہ مالی سال کے بجٹ پر بحث جاری ہے اتوار کے روز اجلاس میں سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کے درمیان ایک دوسرے پر سخت نکتہ چینی کی گئی اسد قیصر نے موجودہ حکومت کے دور پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ بدترین انسانی حقوق کا دور ہے ہم اس ملک میں آزاد عدلیہ اور آزاد پارلیمنٹ چاہتے ہیں وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے انہیں جواب دیتے ہوئے کہا کہ ایک وہ وقت تھا جب آپ کرسی سپیکر پر براجمان تھے ہم اپنے اراکین کے پروڈکشن آرڈرز کے لیے جاتے تو وہ جاری نہیں ہوتے تھے ایک کرنل تحریک التوا پر فیصلہ کرتا تھا آپ تو اپنی مرضی سے فیصلہ بھی نہیں کرسکتے تھے آپ نے اپوزیشن کو دیوار میں چن دیا تھا اجلاس میں ایم کیو ایم اراکین نے کراچی میں پینے کے صاف پانی کی عدم فراہمی اور وفاق کی جانب سے مناسب فنڈز کی مختص نہ کرنے پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کراچی صنعتی شہر ہے اس کے بنیادی ڈھانچے کو بدلنے کے کی کوشش ہی نہیں کی جارہی ہے کراچی میں بجلی، پانی، گیس کی فراہمی ایک گھمبیر مسئلہ ہے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اراکین نے صوبے میں امن و عامہ کی بگڑتی صورتحال پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا جبکہ پنجاب کے اراکین اسمبلی نے بجٹ میں کسان کو ریلیف نہ دینے اور بلاواسطہ ٹیکسوں کی شرح میں خوفناک اضافے پر اپنے خدشات ایوان کے سامنے رکھے اراکین اسمبلی نے کہا کہ صوبے میں کسانوں کو ان کی فصل کی اچھی قیمت نہیں دی جارہی ہے اور نہ ہی کسی بمپر کراپ کے لیے عالمی سطح پر کوئی نئی منڈیوں کی تلاش نہیں کی جارہی ہے جو باعث تشویش ہے ایوان میں اس وقت دلچسپ صورتحال پیدا ہوئی جب ڈپٹی سپیکر نے وزیر اطلاعات کو مائیک دیتے ہوئے متعدد باران کا نام پکارا تاہم وزیر اطلاعات عطاللہ تارڑ ٹیلی فون پر بات کرنے میں مگن رہے، جس پر ڈپٹی سپیکر نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے اسمبلی رولز کی خلاف ورزی ہے قرار دیا ایوان زیریں میں بجٹ پر اراکین اسمبلی کی بحث جاری ہے۔

SPORTS سپورٹس

عماد ڈیالو کا فیصلہ کن گول، آئیوری کوسٹ نے ایکواڈور کو 0-1 سے ہرا دیا

نیویارک (یو این پی) مانچسٹر یونائیٹڈ کے ونگر عماد ڈیالو نے اپنے ورلڈ کپ ڈیبیو میچ میں انتہائی سخت مقابلے کے بعد 90 ویں منٹ میں شاندار گول کر کے اپنی ٹیم آئیوری کوسٹ کو ایکواڈور کے خلاف 0-1 سے فتح دلا دی ہے۔ شیڈول کے مطابق گروپ ای کیلنکن فنانشل فیلڈ، فلاڈیلفیا، امریکا میں کھیلے گئے اس میچ میں دونوں ٹیموں کے درمیان کانٹے کا مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ بین الاقوامی مقابلوں کی تاریخ میں دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلے گئے اس پہلے میچ میں پے در پے حملے کیے گئے اور مجموعی طور پر 27 شاٹس لگائے گئے۔ ایکواڈور کی قسمت نے ساتھ نہ دیا اور ان کی ہٹ 3 بار گول پوسٹ کے پول سے ٹکرا کر واپس آئی، جبکہ آئیوری کوسٹ کی ایک شاٹ بھی کراس بار سے ٹکرائی۔ جب میچ بغیر کسی گول کے ڈرا کی طرف بڑھ رہا تھا، تو 90 ویں منٹ میں عماد ڈیالو نے گیند کو نیٹ میں پہنچا کر اپنی ٹیم آئیوری کوسٹ کو ایکواڈور کے خلاف 0-1 کی برتری دلا دی جو میچ کے اختتام تک برقرار رہی۔

☆☆☆

نوح دستگیر نے ازبکستان میں جلال الدین تلوار مقابلہ میں گولڈ میڈل جیت لیا

گوجرانوالہ کے پاور لفٹر انٹرنیشنل پہلوان محمود سٹرانگ میں مقابلوں میں شریک ہوئے

خیوا (یو این پی) گوجرانوالہ کے پاور لفٹر کامن ویلتھ چیمپئن نوح دستگیر نے ازبکستان میں ہونے والے مقابلوں میں گولڈ میڈل حاصل کر لیا۔ گوجرانوالہ کے نوح دستگیر بٹ انٹرنیشنل پہلوان محمود سٹرانگ میں مقابلوں میں شریک ہوئے۔ یہ مقابلے ازبکستان کے شہر خیوا میں منعقد ہوئے۔ نوح دستگیر نے جلال الدین تلوار کے مقابلوں میں 14 کلووزنی تلوار 1 منٹ 49 سیکنڈ تک تھام کر گولڈ میڈل حاصل کیا۔ ان منفرد طرز کے مقابلوں میں 20 سے زائد ممالک کے اتھلیس نے حصہ لیا۔

☆☆☆

بنگلہ دیشی کرکٹر کی پولیس کے ہاتھوں پٹائی

پولیس والے مجھے لاٹھیوں اور پلاسٹک کے پائپوں سے پیٹتے رہے: نعیم حسن

ڈھاکا (یو این پی) بنگلہ دیشی کرکٹر نعیم حسن پر پولیس کے تشدد کا واقعہ سامنے آنے کے بعد بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ اور کرکٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن نے اس واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیش کے ٹیسٹ کرکٹر نعیم حسن کے ساتھ چٹاگانگ میں پولیس کی جانب سے مبینہ تشدد اور بدسلوکی کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جمعہ کی رات نعیم حسن ڈھاکا ایئرپورٹ سے چٹاگانگ واپس جا رہے تھے جب انہیں راستے میں روکا گیا۔ نعیم نے بتایا کہ پولیس اہلکاروں نے ان کے سی این جی رکشہ کو لال خان بازار کے علاقے میں روکا اور بغیر کسی واضح وجہ کے سخت رویہ اختیار کیا۔ اہلکاروں نے انہیں زبردستی پکڑ کر دوسرے رکشے میں منتقل کیا اور بعد میں ان پر لاٹھیوں اور پلاسٹک کے پائپ سے تشدد کیا۔ قومی کرکٹر نعیم حسن نے یہ بھی کہا کہ انہوں نے متعدد بار اپنی شناخت بطور قومی کرکٹر کرائی مگر کسی نے بات نہ سنی۔ بعدازاں انہیں رہا کر دیا گیا اور وہ گھر واپس پہنچ گئے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی ابتدائی تحقیقات میں طریقہ کار کی خلاف ورزی کے اشارے ملے ہیں اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ چٹاگانگ پولیس کے مطابق اس معاملے کی انکوائری جاری ہے اور انصاف کو یقینی بنایا جائے گا۔

5 ویں نیشنل سکول روپ سکپنگ چیمپئن شپ 14 اگست سے شروع ہو گی

انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن نے پاکستان پیڈل فیڈریشن پر ایک بار پھر اپنے مکمل اعتماد کا اعلان کر دیا

کراچی (یو این پی) انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن نے محمد متین کی صدارت میں پاکستان پیڈل فیڈریشن پر ایک بار پھر اپنے مکمل اعتماد کا اعلان کر دیا ہے گزشتہ دنوں انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن کے جاری کردہ ایک مراسلے کے مطابق انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن نے پاکستان پیڈل فیڈریشن کے صدر محمد متین کی سرپرستی میں پاکستان کراچی میں منعقد ہونے والے ایف آئی پی پرومیسز پیڈل ٹور 2026 ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کو سراہا ہے۔ واضح رہے کہ انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن نے پاکستان پیڈل فیڈریشن کو 2026 میں دو ٹورنامنٹس الاٹ کئے تھے جن میں ایف آئی پی پرومیس پیڈل ٹور 2026 ٹورنامنٹ اور کوپرا ایف آئی پی پیڈل ٹور 2026 ٹورنامنٹ شامل تھے۔ ان دونوں مقابلوں میں ایف آئی پی پرومیسز پیڈل ٹور 2026 ٹورنامنٹ کامیابی کے ساتھ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار 27 سے 29 مارچ تک نیو میدان، کراچی منعقد ہوا ہے

چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے

کراچی (یو این پی) پاکستان روپ سکپنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام اور سندھ روپ سکپنگ ایسوسی ایشن کے تعاون سے 5 ویں نیشنل سکول روپ سکپنگ چیمپئن شپ 14 اگست سے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد، کراچی میں شروع ہو گی۔

SHOWBIZ شوبز

عالیہ علی کی لائیو اسٹیج پرفارمنس تنقید کی زد میں، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

پاکستانی اداکارہ اور ماڈل عالیہ علی ایک بار پھر سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گئیں

کراچی (یو این پی) پاکستانی اداکارہ اور ماڈل عالیہ علی ایک بار پھر سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گئیں۔ اداکارہ طویل عرصے سے شوبز انڈسٹری کا حصہ ہیں اور مختلف ڈراموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں۔ حال ہی میں عالیہ علی نے ایک لائیو ایونٹ میں اسٹیج اور ریمپ پر پرفارم کیا، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوگئی۔ ویڈیو میں اداکارہ روایتی لالی ووڈ طرز کے ملبوسات میں ملبوس نظر آئیں اور موسیقی کی دھن پر رقص پیش کیا، ایونٹ میں موجود شرکا نے ان کی پرفارمنس پر تالیاں بجائیں اور انہیں داد دی۔ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ملا جلا ردعمل سامنے آیا، متعدد صارفین نے عالیہ علی کی پرفارمنس کو تنقید کا نشانہ بنایا اور اس پر طنزیہ تبصرے کیے ہیں۔ کچھ صارفین نے رقص کے انداز کو سادہ قرار دیا، جبکہ بعض نے پرفارمنس کا موازنہ اسکول کی تقریبات میں ہونے والے رقص سے کیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی عالیہ علی اپنے آئٹم سانگ اور اسٹیج پرفارمنسز کے حوالے سے خبروں میں رہ چکی ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے اپنے رقص کا دفاع کرتے ہوئے کہا تھا کہ جب میں اسٹیج پر پرفارم کرتی ہوں تو لوگوں کی توجہ میری جانب مبذول ہو جاتی ہے۔

لوک گلوکار حامد علی بیلا کی 25 ویں برسی 27 جون کو منائی جائے گی

ان کی میٹھی آواز کا جادو برسوں بعد آج بھی عوام کے کانوں میں رس گھولتا ہے

لاہور (یو این پی) نامور لوک گلوکار حامد علی بیلا کی 25 ویں برسی 27 جون کو منائی جائے گی، ان کی میٹھی آواز کا جادو برسوں بعد آج بھی عوام کے کانوں میں رس گھولتا ہے، درویش صفت گلوکار حامد علی بیلا کچھ اس طرح ڈوب کر کافیاں، غزلیں اور گیت گاتے کہ سننے والوں پر سحر طاری ہو جاتا، مادھو لال حسین کے کلام کی بدولت حامد علی بیلا نے بطور لوک گلوکار بے حد مقبولیت حاصل کی، پٹیالہ گھرانے کی آواز سب سے پہلے ریڈیو پاکستان سے گونجی اور پھر شاہ حسین، غلام فرید، محمد بخش کی کافیاں گاتے گاتے یہ فقیر منش فنکار فن اور شہرت کی بلندیوں کو چھوتا گیا۔ حامد علی بیلا نے شاہ حسین کی لکھی ایک کافی گائی جو آج بھی ان کی پہچان ہے، گلوکار نے مسحور کن لوک اور صوفیانہ گائیکی کی بدولت پرائیڈ آف پرفارمنس سمیت کئی ایوارڈز حاصل کئے، لوک گلوکار حامد علی بیلا 27 جون 2001 کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

جواد احمد معصوم آدمی ہیں، ان کیلئے بڑی دعائیں مانگی ہیں، ابرار الحق

جواد احمد کے اندر پتا نہیں کس چیز کا غصہ اور نفرت ہے، اللہ کرے وہ نفرت ختم ہو جائے

لاہور (یو این پی) معروف گلوکار ابرار الحق نے کہا ہے کہ جواد احمد معصوم آدمی ہیں، میری ان کیلئے دعا ہے۔ گلوکار ابرار الحق نے جیو پوڈ کاسٹ میں شرکت کی اور اپنی پیشہ وارانہ زندگی پر کھل کر گفتگو کی۔ ایک سوال کے جواب میں ابرار الحق کا کہنا تھا کہ جواد احمد معصوم آدمی ہیں، میری ان کیلئے دعا ہے، ان کی باتوں کو انجوائے کرتا ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے جواد احمد کیلئے بڑی دعائیں مانگی ہیں، میں نے مکہ شریف جا کر دعائیں مانگیں وہ ہمارا کولیگ ہے، اسے اپ سیٹ ہوتا دیکھتے ہیں، ان کے اندر پتا نہیں کس چیز کا غصہ اور نفرت ہے، اللہ کرے وہ نفرت ختم ہو جائے ان کے دل کو اطمینان، سکون اور خوشیاں ملیں۔ جواد احمد سے متعلق ایک اور سوال کے جواب میں ابرار الحق کا کہنا تھا کہ میں ہمیشہ کہتا تھا میری طرف سے کچھ نہیں، اب وہ ہر کسی کے ساتھ ایسا رویہ رکھ رہے ہیں، ابھی آپ کو اندازہ ہو گیا ہوگا۔

معروف صوفی، لوک و سندھی گلوکار الن فقیر کی برسی 4 جولائی کو منائی جائے گی

محمد علی شہکی کے ساتھ گایا جانا والا نغمہ تیرے عشق میں جو بھی ڈوب گیا

لاہور (یو این پی) ملک کے معروف صوفی، لوک و سندھی گلوکار علی بخش (الن فقیر) کی برسی 4 جولائی کو منائی جائے گی۔ الن فقیر کو صوفی شاعری کی خاص صنف کافی گانے میں ملکہ حاصل تھا۔ الن فقیر 1932 کو سندھ میں پیدا ہوئے تھے ان کا اصل نام علی بخش تھا، وہ ریڈیو اور ٹیلی وژن پر یکساں مقبول تھے۔ الن فقیر کو فنی دنیا میں متعارف کرانے کا سہرا سندھ کے ادیب، دانشور اور ماہر ثقافت ممتاز مرزا کے سر ہے۔ الن فقیر نے سندھی، پنجابی، اردو، سرائیکی اور دوسری بہت سی زبانوں میں گانے اور صوفیانہ کلام گایا لیکن محمد علی شہکی کے ساتھ گایا جانا والا نغمہ تیرے عشق میں جو بھی ڈوب گیا ان کی فنی شہرت میں اضافے کا باعث بنا۔ اس کے علاوہ ان کا ایک ملی نغمہ اتنے بڑے جیون ساگر میں تو نے پاکستان دیا بھی بہت مشہور ہوا۔

سنیتا آہوجا کی کروڑوں کی جائیداد کا وارث کون ہوگا؟ اداکارہ کا حیران کن انکشاف

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کے معروف اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے اپنی جائیداد کے حوالے سے ایک دلچسپ انکشاف کیا ہے۔ 58 سالہ سنیتا آہوجا، جن کی شادی کو گووندا کے ساتھ 39 برس گزر چکے ہیں، ممبئی ایئرپورٹ پر اپنے پالتو کتے کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کر رہی تھیں۔ اس دوران انہوں نے ہلکے پھلکے انداز میں کہا کہ وہ اپنی تمام جائیداد اپنے پالتو کتے کے نام کرنے کا سوچ رہی ہیں۔ گفتگو کے دوران جب ان کے بھانجے اور کامیڈین کرشنا ابھیشیک کا ذکر آیا تو سنیتا نے کہا کہ وہ پہلے ہی کامیاب ہے۔

سلمان خان سے جڑے کیس پر مبنی فلم کالا ہرن کو پہلا بڑا دھچکا لگ گیا

ممبئی (یو این پی) بولی وڈ سپر اسٹار سلمان خان سے جڑے کیس کی کہانی پر مبنی فلم کالا ہرن کی کاسٹ میں شامل نامور اداکار گووند نامدیو نے پروجیکٹ سے راہیں جدا کر لیں۔ گووند نامدیو نے کالا ہرن کے بنانے والوں پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اس پروجیکٹ کے حوالے سے گمراہ کیا گیا۔ اداکار نے دعویٰ کیا کہ فلم پر دستخط کرتے وقت انہیں جو کہانی سنائی گئی تھی وہ اس کہانی سے بالکل مختلف تھی جس پر بعد میں شوٹنگ کی گئی۔ انڈین میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں گووند نامدیو نے انکشاف کیا کہ انہیں ابتدا میں بتایا گیا تھا۔

رجب بٹ کے ساتھ وائرل متنازع ویڈیو کا اسکینڈل

فاطمہ خان کے ساتھ رجب بٹ کے مبینہ تعلقات اور تنازع نے سوشل میڈیا پر خاصی توجہ حاصل کی تھی

کراچی (یو این پی) پاکستان کے معروف یوٹیوبر رجب بٹ سے منسوب تنازع پر ٹک ٹاکر اور سوشل میڈیا شخصیت فاطمہ خان نے ایک چونکا دینے والا انکشاف کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ دونوں کے درمیان سامنے آنے والا تنازع دراصل پہلے سے طے شدہ تھا اور اس کا مقصد شہرت حاصل کرنا تھا۔ رجب بٹ، جو پاکستان کے مقبول ترین فیملی وی لاگرز میں شمار ہوتے ہیں، گزشتہ کچھ عرصے سے مختلف قانونی معاملات، ازدواجی تنازعات اور نجی زندگی سے متعلق خبروں کے باعث مسلسل خبروں میں رہے ہیں۔ ان پر شادی کے باوجود دیگر خواتین سے تعلقات کے الزامات بھی لگتے رہے، جنہیں بعض حلقے ان کی ازدواجی زندگی میں پیدا ہونے والی کشیدگی کی ایک وجہ قرار دیتے ہیں۔ اسی دوران فاطمہ خان کے ساتھ ان کے مبینہ تعلقات اور تنازع نے بھی سوشل میڈیا پر خاصی توجہ حاصل کی تھی۔ اس وقت فاطمہ خان نے دعویٰ کیا تھا کہ رجب بٹ نے انہیں قیمتی گھڑیاں تحفے میں دی تھیں اور بیرونِ ملک سفروں پر بھی ساتھ لے گئے تھے، تاہم اب انہوں نے اپنے ہی سابقہ دعوؤں سے پیچھے ہٹتے ہوئے ایک نیا موقف اختیار کیا ہے۔

☆☆☆

معروف لوک گلوکارہ مائی بھاگی کی برسی 7 جولائی کو منائی جائے گی

مائی بھاگی باقاعدگی سے ریڈیو پاکستان پر تھری اور سندھی زبانوں میں گانے گاتی ہوئی نظر آتی تھیں

کراچی (یو این پی) معروف لوک گلوکارہ مائی بھاگی کی برسی 7 جولائی کو منائی جائے گی۔ مائی بھاگی 1920 میں صحرائے تھر کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں پیدا ہوئیں۔ انہوں نے بچپن میں تھری گلوکاری شروع کردی۔ 1960 کی دہائی کے اوائل تک، مائی بھاگی باقاعدگی سے ریڈیو پاکستان پر تھری اور سندھی زبانوں میں گانے گاتی ہوئی نظر آتی تھیں۔ مائی بھاگی 1920 میں صحرائے تھر کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں پیدا ہوئیں۔ انہوں نے بچپن میں تھری گلوکاری شروع کر دی۔ 1960 کی دہائی کے اوائل تک، مائی بھاگی باقاعدگی سے ریڈیو پاکستان پر تھری اور سندھی زبانوں میں گانے گاتی ہوئی نظر آتی تھیں۔ انہیں 1981 میں صدر پاکستان کی طرف سے پرائیڈ آف پرفارمنس ایوارڈ کے علاوہ شاہ عبداللطیف بھٹائی ایوارڈ اور سچل سرمست ایوارڈ سے نوازا گیا۔ مائی بھاگی کا انتقال 7 جولائی 1986 کو 66 سال کی عمر میں ہوا۔

از دفتر میونسپل کمیٹی کلر کہار

نیلام عام ٹھیکہ جات برائے سال 27-2026

میونسپل کمیٹی کلر کہار اپنے مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے سال 27-2026 درج ذیل پروگرام کے مطابق نیلام کر رہی ہے ٹھیکہ جات کی نیلامی مورخہ 22-6-2026 بوقت دن 11.00 میونسپل کمیٹی کلر کہار میں ہوگی۔ نیلامی سے قبل بولی سے متعلق معلومات دفتر میونسپل آفیسر فنانس سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

شرائط۔ 1۔ بولی میں شرکت کے لئے بمطابق پنجاب لوکل گورنمنٹ (Auction of Collection Rights 2016) صرف وہی فرم/اشخاص بولی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے جنہوں نے اپنی رجسٹریشن برائے سال 27-2026 کروائی اور کمیٹی کے مطابق بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ نیز بولی میں حصہ لینے کے لئے ہر بولی دہندہ کو پنجاب کے کسی بھی ڈسٹرکٹ میں رجسٹریشن کروانا ضروری ہے۔ اور رجسٹریشن سرٹیفکیٹ پیش کرنا ضروری ہے۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ اصل زر نیلام کے علاوہ گورنمنٹ کے قوانین کے مطابق ایڈوانس ٹیکس، دیگر ٹیکسز دینے کا پابند ہوگا۔ دوران ٹھیکہ گورنمنٹ کی طرف سے نافذ ہونے والے ٹیکسز بھی مزید ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

3۔ بولی دہندہ اپنی بولی سے قبل شناختی کارڈ کی کاپی اور مصدقہ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ زرضمانت کے ساتھ جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ زرضمانت بینک کال ڈیپازٹ، پے آرڈر کی صورت میں جمع کرانے گا۔ ناکام بولی دہندہ کو موقع پر واپس کر دی جائے گی۔ جبکہ کامیاب بولی دہندہ کی زرضمانت جمع کر لی جائے گی۔

4۔ تمام ٹھیکہ جات موجودہ رائج الوقت شیڈول آف ٹیکسز کے مطابق نیلام کر رہے ہیں تاہم دوران ٹھیکہ شیڈول میں اضافہ ہونے کی صورت میں زر نیلام میں اس تناسب سے اضافہ کیا جائے گا۔

5۔ بولی میں کوئی نادہندہ یا کسی محکمہ کا ڈیفالٹر حصہ نہ لے سکے گا۔ نیلام کمیٹی کو بولی میں اضافہ کی صورت میں موقع پر زرضمانت میں اضافہ کا اختیار ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ یونٹ کلر کہار کی تمام شرائط اور دیگر گورنمنٹ کی آمدہ ہدایات وقتاً فوقتاً کا پابند ہوگا۔ مجاز اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ ایک یا تمام بولی منسوخ کر دے۔

7۔ بولی میں اضافہ کی صورت میں ٹھیکیدار موقع پر اسی حساب سے زرضمانت 10% ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

نمبر شمار	نام ٹھیکہ	شرح وصولی	ریزرو پرائس	زرضمانت	عرصہ معیاد
1	رکشہ پارکنگ فیس 27-2026	بمطابق شیڈول	254000/-	25400/-	ایک سال (1-7-2026 to 30-6-2027)

المشتہر

چیف آفیسر
میونسپل کمیٹی کلر کہار

IPL 6052

ایڈمنسٹریٹر
میونسپل کمیٹی کلر کہار

بقیہ 1

ہوئے روایتی میلے بحال کرنے کا حکم، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ساہیوال ڈویژن کے ارکانِ اسمبلی نے ملاقات کی جس میں عوامی فلاحی منصوبے لانے پر وزیراعلیٰ مریم نواز کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ ارکانِ اسمبلی کا گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ مہنگائی کم ہو رہی ہے، آپ بہترین کام کر رہی ہیں، پاکستان مسلم لیگ (ن) کاشتکاروں کی حقیقی ہمدرد اور خیر خواہ ہے، پہلی مرتبہ عوام کا پیسہ عوام کے منصوبوں پر لگتا دیکھ رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے ساہیوال میں کارڈیالوجی بلاک جلد فعال کرنے، میڈیکل کالج کی فیکلٹی پوری کرنے اور ہر شہر ڈولفن فورس قائم کرنے کی ہدایت بھی کی جبکہ بابا فرید گنج شکر کے مزار کی تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش جلد مکمل کرنے کا بھی حکم دیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ حکومتی نرخوں پر یقین نہیں بلکہ زمینی حقائق کو خود چیک کرتی ہوں، پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں 13، 12 اور 14 روپے کی روٹی مل رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا گفتگو کے دوران مزید کہنا تھا کہ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام میں گھروں کی تعداد بڑھائیں گے۔ پانچ لاکھ سے زیادہ گھر دیں گے۔ محض ملکیتی کاغذات اور شناختی کارڈ پر ہاؤسنگ قرض فراہم کرنے کی پہلی اور بڑی سکیم لا رہے ہیں۔ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی ماہانہ قسط 14 ہزار روپے سے بڑھانے سے روک دیا گیا ہے۔

بقیہ 2

ی شہر، نیومری موہڑہ سیداں ڈائیورشن لگائی جائے گی تا کہ جلوس کے شرکاء کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو مزید جلوس کے خارجی و داخلی راستوں پر بھی ڈیوٹی لگائی دی گئی ہیں۔ پوائنٹس پر مامور ٹریفک وارڈنز آفیسرز کی ہدایات پر عمل کریں۔ غازی سہیل شہزاد نے یہ بھی بتایا کہ سیاحوں کو متبادل راستوں کی آگاہی دی جائے گی اس سلسلے میں سٹی ٹریفک پولیس مری ہر سال کی طرح جلوس کے شرکاء کو بھی اور سیاحوں کو بھی سہولت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ اور مری میں تعینات ٹریفک وارڈنز آفیسرز کو بریف کیا گیا کہ ضلع مری میں بغیر نمبر پلیٹ، کالے شیشے، بغیر کاغذات موٹر سائیکلز و گاڑیوں پر کڑی نظر رکھیں اور قانونی کاروائی عمل میں لائیں تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے۔ ٹریفک وارڈنز آفیسر اپکے معاون اور اپکے دوست ہیں سرکل کسی بھی جگہ ٹریفک پرابلم یا شکایت کی صورت میں فوری ہیلپ لائن 1915 آفس نمبر 0519269200 پر رابطہ کریں۔ ٹریفک قوانین پر عمل کر کے ایک اچھے شہری و محب وطنی ہونے کا ثبوت دیں۔

بقیہ 3

مرمت کا کام شروع کیا تو شہریوں کے مطابق گزشتہ دو روز سے دوبارہ اسی مقام پر کھدائی شروع کر دی گئی اور نکالا گیا ملبہ صادق کالونی گلی نمبر 4 اور 5 کے داخلی راستوں کے سامنے ڈال دیا گیا، جس سے گلیاں بند ہو گئیں اور روزمرہ زندگی شدید متاثر ہوئی۔ شہریوں نے الزام عائد کیا کہ کئی سال سے علاقے میں پانی کی بنیادی سہولت بھی میسر نہیں اور وہ پانی کے ٹینکر خرید کر ضروریات پوری کرتے ہیں، مگر گلیاں بند ہونے کے باعث اب ٹینکر بھی اندر نہیں جا پا رہے اور لوگ پانی کی بوند بوند کو ترسنے لگے ہیں۔ متاثرین کے مطابق جب اس صورتحال پر مقامی سیاسی نمائندوں سے رابطہ کیا گیا تو مؤقف دیا گیا کہ جو کام کر رہے ہیں وہی ملبہ اٹھائیں گے، تاہم دوسری جانب انہی نمائندوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر اس منصوبے کو اپنی ذاتی جدوجہد اور اخراجات کا نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے، ایک شہری نے ویڈیو بیان میں سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا روڈ کا اتنا کام نہیں ہو رہا جتنا عوام کو ذلیل کیا جا رہا ہے، اگر عوام کو ہی راستے کھلوانے ہیں، ملبہ بھی خود اٹھانا ہے اور پانی بھی خود خریدنا ہے تو پھر نمائندگی کس چیز کی؟ علاقہ مکینوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ٹریکٹر ٹرالی منگوا کر گلیوں سے ملبہ اٹھانا شروع کر دیا تا کہ پانی کے ٹینکر دوبارہ آ سکیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ذمہ دار ادارے اور سیاسی نمائندے سوشل میڈیا بیانات کے بجائے زمینی حقائق پر توجہ دیں اور فوری ریلیف فراہم کریں۔

بقیہ 4

یں وہ کم ہے کہ یہ تاریخی اور عظیم الشان اعزاز پاکستان کے حصے میں آیا ہے، میں اس عظیم سفارتی فتح پر پاکستان کے غیور عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے مخلصانہ اور پسِ پردہ کلیدی کردار کی وجہ سے ہی شاید دنیا میں تیسری جنگِ عظیم ہونے سے رک گئی ہے، ورنہ مشرقِ وسطیٰ کی آگ پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی، اگر وزیرِاعظم محمد شہباز شریف ذاتی طور پر اس معاملے میں دلچسپی نہ لیتے اور اپنا بھرپور سیاسی و سفارتی کردار ادا نہ کرتے، تو امریکہ اور ایران کے درمیان یہ ناممکن جنگ بندی اور اسلام آباد اکارڈ کبھی بھی ممکن نہ ہو پاتا۔ اسی طرح سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے اپنے بیان میں عسکری قیادت کو بھی زبردست الفاظ میں سراہتے ہوئے کہا کہ میں اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو بھی ان کی دوراندیشی، مضبوط دفاعی حکمتِ عملی اور پسِ پردہ کامیاب ترین فوجی سفارت کاری پر بھرپور خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں، جنہوں نے مذاکراتی عمل میں کلیدی کردار ادا کرتے ہوئے اس امن عمل کو منطقی انجام تک پہنچایا۔

بقیہ 5

ی نرخ نامے میں دودھ کی قیمت 190 روپے فی کلو اور دہی کی قیمت 200 روپے فی کلو مقرر ہے، لیکن متعدد مقامات پر دودھ 220 سے 240 روپے فی کلو جبکہ دہی 240 سے 270 روپے فی کلو تک فروخت کیا جا رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری قیمت اور دکانوں پر وصول کی جانے والی رقم میں فرق اب استثنا نہیں بلکہ معمول بنتا جا رہا ہے۔ متاثرہ شہریوں کے مطابق صورتحال صرف دودھ اور دہی تک محدود نہیں بلکہ مرغی کے گوشت، آٹا، سبزی، فروٹ اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء میں بھی مختلف بازاروں اور دکانوں پر الگ الگ قیمتیں وصول کیے جانے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جس سے صارفین شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ علاقہ مکینوں نے دعویٰ کیا کہ متعدد بار سرکاری نرخ کے مطابق خریداری کی کوشش کی گئی لیکن بعض مقامات پر اختلاف رائے اور تلخ کلامی کی صورتحال بھی سامنے آئی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر مقررہ نرخوں پر اشیاء دستیاب نہیں تو پھر روزانہ جاری کیے جانے والے سرکاری نرخ ناموں کی عملی حیثیت کیا رہ جاتی ہے؟ شہری حلقوں کا سوال ہے کہ کیا نرخ نامے صرف جاری کرنے تک محدود ہیں یا ان پر عملدرآمد یقینی بنانے کا نظام بھی فعال ہے؟ ان کا کہنا ہے کہ مارکیٹ مانیٹرنگ، فیلڈ اسپیکشن اور پرائس کنٹرول کے اقدامات عام صارف تک نظر آنے چاہئیں تا کہ مقررہ قیمتوں اور عملی فروخت کے درمیان موجود فرق ختم ہو سکے۔ دوسری جانب بعض دکانداروں کا مؤقف ہے کہ ان کے مطابق سپلائی قیمت، خریداری لاگت اور کاروباری اخراجات سرکاری نرخوں سے مطابقت نہیں رکھتے، جس کے باعث مقررہ ریٹ برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ شہری اور سماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، متعلقہ پرائس کنٹرول حکام اور مارکیٹ نگرانی کے ذمہ دار اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری بنیادوں پر زمینی حقائق کا جائزہ لیا جائے، سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور شکایات کی صورت میں مؤثر کارروائی کی جائے تا کہ عوام کو عملی ریلیف مل سکے۔

بقیہ 6

24 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی حملوں میں مزید 60 سے زائد فلسطینی شہید ہو گئے ہیں، جس کے نتیجے میں مزید 40 فلسطینی شہید ہو گئے ہیں۔ دوسری جانب شمالی غزہ میں حماس کے حملے میں 3 اسرائیلی فوجی بھی مارے گئے۔ دوسری طرف اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ بدشمالی غزہ میں لڑائی کے دوران اس کے 3 فوجی ہلاک ہو گئے، جس سے فلسطینی علاقے میں اس کے جانی نقصان کی تعداد 399 ہو گئی ہے، اس کے علاوہ ایک اسرائیلی فوجی زخمی بھی ہوا۔ ادھر غزہ سے یرغمالیوں کی رہائی کرانے کیلئے اسرائیلیوں نے احتجاج کیا اور تل ابیب کی سڑکیں بند کر کے نیتن یاہو حکومت سے غزہ جنگ فوری بند کرنے اور یرغمالیوں کو واپس لانے کا مطالبہ کیا۔ دریں اثناء امریکی وزیر خارجہ بلنکن کا کہنا ہے کہ جنگ بندی معاہدے کے بہت قریب ہیں، یہ ہم نہ کر پائے تو آنے والی انتظامیہ صدر بائیڈن کے دیے گئے معاہدے کو آگے بڑھائے گی۔ امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے پیرس میں فرانسیسی ہم منصب جین نوئل بیروٹ کے ساتھ پریس کانفرنس میں تصدیق کی ہے کہ غزہ میں جنگ بندی بہت قریب ہے جبکہ یرغمالیوں کے حوالے سے بھی معاہدہ بہت جلد ہونے کا امکان ہے۔ غزہ میں جنگ بندی کے لیے قطر میں اسرائیل اور حماس کے درمیان بالواسطہ مذاکرات ہو رہے ہیں۔ قطری وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا تھا کہ غزہ میں جنگ بندی کے مذاکرات تکنیکی سطح پر جاری ہیں اور وفود قاہرہ اور دوحہ میں مسلسل ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ اسرائیل نے فلسطین کی غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے معاہدے تک پہنچنے میں ناکامی کے حوالے سے حماس پر نئے الزامات عائد کیے ہیں۔ اسرائیلی وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل ایڈن بارتال نے کہا کہ کسی معاہدے پر پہنچنے کا واحد راستہ تحریک حماس پر دباؤ ڈالنا ہے۔ جنگ بندی معاہدے تک پہنچنے حماس پر اثر و رسوخ رکھنے والے ممالک اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ حماس یرغمالیوں کی رہائی میں واحد رکاوٹ ہے۔ ادھر حماس نے اسرائیل کی جانب سے پیش کی گئی 34 قیدیوں کی فہرست سے اتفاق کیا ہے۔ قیدیوں کا تبادلہ ممکنہ جنگ بندی معاہدے کے تحت کیا جائے گا۔ حماس کا کہنا ہے کہ کوئی بھی معاہدہ اسرائیل کے غزہ سے انخلا اور مستقل جنگ بندی سے مشروط ہے۔

بقیہ 7

یکٹو آفیسر احتشام احسن کی قیادت میں چار رکنی وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ حالیہ دورہ چین میں ہواوے ہیڈ کوارٹر کا دورہ انتہائی مفید رہا، ہواوے سے مختلف شعبوں میں بالخصوص نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جدید تربیت فراہم کرنے کیلئے اشتراک سب سے اہم ہے، ہواوے کی مدد سے سالانہ تین لاکھ پاکستانی طلباء و طالبات کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کی پیشہ ورانہ تربیت سے ملک کی آئی ٹی برآمدات بڑھیں گی انہوں نے کہا کہ حکومت نہ صرف خواتین بلکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر اس تربیتی پروگرام کا حصہ بنائے گی، حکومت ہواوے کے ساتھ پاکستان کی ڈیجیٹل اکانومی میں پائیدار اشتراک کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں باصلاحیت افرادی قوت کی مضبوط بنیاد قائم کرنے سے ہی ڈیجیٹل اکانومی کو فروغ دیا جا سکتا ہے، خودکار، جدید اور تیز تر گورننس کے نظام کے نفاذ کے لئے حکومتی اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وفد نے وزیر اعظم کو پاکستان اور ہواوے کے مابین ڈیجیٹل پاکستان پروگرام کے لئے تعاون کے معاہدے کے تحت جاری منصوبوں کی پیشرفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ آئی ٹی کی تربیت کے لئے جدید طرز کا میسیو اوپن آن لائن کورسز سسٹم تیار کیا جا چکا ہے۔

بقیہ 8

کی مجوزہ ترمیم کو عوام، صنعت اور معیشت کے لیے نقصان دہ قرار دیتے ہوئے حکومت سے فوری طور پر یہ تجویز واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری محمد فاروق گجر نے کہا کہ فٹ ویئر پر سیلز ٹیکس اصل فروختی قیمت کے بجائے پرنٹ شدہ زیادہ سے زیادہ خوردہ قیمت کی بنیاد پر وصول کرنے سے جوتوں کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوگا اور اس کا براہِ راست بوجھ عام صارفین پر پڑے گا۔ ڈسکاؤنٹ پالیسز آفر کے باوجود صارفین کو اضافی ٹیکس ادا کرنا ہوگا جبکہ مینوفیکچررز اور ریٹیلرز پر ورکنگ کیپیٹل اور تعمیلی اخراجات بھی بڑھ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فٹ ویئر سیکٹر پہلے ہی پوائنٹ آف سیل، الیکٹرانک انوائسنگ اور ڈیجیٹل رپورٹنگ سمیت مکمل دستاویزی نظام کے تحت کام کر رہا ہے اس لیے اسے مزید سخت ٹیکس نظام میں شامل کرنے کی ضرورت نہیں۔ محمد فاروق گجر نے گھی اور کوکنگ آئل انڈسٹری کو بھی تھرڈ شیڈول میں شامل کرنے کی تجویز مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس سے بنیادی اشیائے ضروریہ مہنگی ہوں گی اور مہنگائی سے متاثرہ عوام پر مزید مالی بوجھ پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ صنعت بھی پہلے ہی سیکشن 40 بی، الیکٹرانک انوائسنگ اور لائیو پروڈکشن مانیٹرنگ جیسے سخت دستاویزی نظام کے تحت کام کر رہی ہے اور قومی خزانے میں اربوں روپے ٹیکس جمع کرا رہی ہے اس لیے اسے تھرڈ شیڈول میں شامل کرنے کا کوئی جواز نہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دونوں شعبوں سے متعلق مجوزہ ترامیم پر فوری نظرثانی کرتے ہوئے انہیں واپس لیا جائے تا کہ عوام اور صنعت پر مزید مالی بوجھ نہ پڑے۔

بقیہ 9

سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ مجھے ابھی اطلاع ملی ہے کہ خان صاحب کو گزشتہ شب دوبارہ انجکشن لگانے کے لیے پمز ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں سے انہیں واپس اڈیالہ جیل بھیج دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے اس مطالبے کا اعادہ کرتے ہیں کہ انہیں علاج کے لیے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا جائے۔ ساتھ ہی ہم ان کی اہل خانہ سے فوری ملاقات کروانے کا مطالبہ بھی کرتے ہیں۔

بقیہ 10

کی لاش سول اسپتال منتقل کر دی گئی ہے جبکہ اس کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ دوسری جانب ناظم آباد نمبر دو زم زم مسجد کے قریب پراسرار فائرنگ کے واقعے میں ایک شخص زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی کو فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا جہاں اس کی شناخت 34 سالہ کاشف علی کے نام سے ہوئی۔ مزید برآں بلدیہ ٹاؤن سیکٹر 14 میں کری سین اسکول کے قریب گھر کے اندر پراسرار فائرنگ کے نتیجے میں ایک خاتون زخمی ہو گئیں۔ چھیپا حکام کے مطابق زخمی خاتون کو سول اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ان کی شناخت 60 سالہ فاطمہ کے نام سے ہوئی۔

بقیہ 11

لیکن مزید کچھ کرنے کی ضرورت ہے، اس موقع پر عالمی بینک نے یہ بھی نوٹ کیا کہ توانائی کی افراط زر مالی سال 2023 کی پہلی ششماہی میں 6.40 فیصد سے بڑھ کر 2024 کی پہلی ششماہی میں 6.50 فیصد ہو گئی جس کی وجہ گھریلو توانائی کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہے۔ اس کے باوجود عالمی بینک نے کہا کہ پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ ماہانہ اوسطاً 14.66 ارب روپے سے بڑھتے ہوئے 31 جنوری تک 26 کھرب (جی ڈی پی کا 4.2 فیصد) سے تجاوز کر گیا جو جون 2023 کے آخر تک 21 کھرب روپے تھا۔ سرکاری اعداد و شمار پر مبنی ورلڈ بینک اپ ڈیٹ کے مطابق اسی طرح، گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ ماہانہ اوسطاً 68 ارب روپے سے بڑھ کر جنوری کے آخر تک 28 کھرب روپے یا جی ڈی پی کا 7.2 فیصد ہو گیا جو جون 2023 میں 23 کھرب روپے تھا۔ عالمی بینک نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بجلی اور گیس کے شعبے کے ٹیرف میں اصلاحات کو جاری رکھا جائے تا کہ ٹیرف کو سپلائی کی لاگت سے ہم آہنگ کیا جا سکے اور گیس، بجلی کے شعبے کے گردشی قرضے کو کم کیا جا سکے۔ ساختی مسائل، ناقص منصوبہ بندی، اور خاطر خواہ سبسڈیز کے نتیجے میں پاور سیکٹر میں بڑی ناکاریاں پیدا ہوئی ہیں جس سے سپلائی کی قابلِ اعتمادی متاثر ہوئی اور بہت بڑا خسارہ پیدا ہوا ہے، پاکستان کو جنوبی ایشیاء میں توانائی کی مصنوعات پر سب سے زیادہ سبسڈی دی جاتی ہے جو جی ڈی پی کا تقریباً 9.0 فیصد ہے (1976 ارب) جس میں سے دو تہائی بجلی کی کھپت کے لیے ہے۔

بقیہ 12

لیے مستقل کا اثاثہ بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہوا کی قابل تجدید قوت سے بجلی کی پیداوار کے امکانات سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے، پنجاب میں تھل کے علاقے میں ونڈ انرجی سے توانائی کے حصول کے بے پناہ مواقع موجود ہیں، ہواؤں کا عالمی دن توانائی کے حصول کے روایتی ذرائع سے ہٹ کر سوچنے کا موقع دیتا ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سے ونڈ انرجی کے حصول کیلئے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا، نئی نسل کو صحت مند، پاکیزہ اور معطر ہوائیں دینا چاہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ ہواؤں کا عالمی دن منانے کا مقصد ہوا کی لامحدود توانائی، استعمال اور قابل تجدید توانائی کے بارے میں عوامی شعور بیدار کرنا ہے، ہوا سے حاصل ہونے والی بجلی ماحول کو نقصان پہنچائے بغیر کاربن کا اخراج کم کرنے اور موسمیاتی تبدیلی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔

بقیہ 13

تفتیشی ٹیم نے بچی کے زخمی والد کا بیان بھی قلمبند کر لیا۔ ذرائع کے مطابق والد کا بیان خصوصی تفتیشی ٹیم نے بینظیر بھٹو ہسپتال میں قلم بند کیا جبکہ فائرنگ کرنے والے اہلکار کا تھانہ سی سی ڈی میں حاضری ریکارڈ بھی چیک کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پولیس کانسٹیبل سے فائرنگ میں استعمال سرکاری بندوق برآمد کر لی گئی ہے، کانسٹیبل سے تفتیش مکمل ہونے پر جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھجوا دیا گیا۔ کانسٹیبل کو علاقہ مجسٹریٹ نے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجا ہے، عدالت نے 26 جون کو مقدمہ کا چالان طلب کر لیا جبکہ جائے وقوعہ سے ملنے والے گولیوں کے خول فورنزک ٹیسٹ کیلئے لیب بھجوا دیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق متاثرہ خاندان سے ڈکیتی کرنے والے دونوں ڈاکو مبینہ مقابلہ میں ہلاک ہو گئے، ڈاکوؤں کی شناخت محمد فیاض اور محمد عباس کے نام سے ہوئی۔ ہلاک ڈاکو ریکارڈ یافتہ، پولیس کو متعدد مقدمات میں مطلوب تھے، ڈاکو بچی کیجاں بحق ہونے کے اگلے دن پولیس مقابلہ میں ہلاک ہوئے۔

بقیہ 14

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق حادثے میں پاک فضائیہ کے فلائٹ لیفٹیننٹ محمد قاسم عبداللہ اور پاکستان بحریہ کے لیفٹیننٹ طہٰ عباسی شہید ہوئے۔ بیان میں کہا گیا کہ دونوں افسران معمول کی تربیتی پرواز پر تھے جب ان کا سپر مشاق طیارہ مردان کے قریب حادثے کا شکار ہو گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق حادثے کی وجوہات معلوم کرنے کیلئے ایئر ہیڈکوارٹرز نے تحقیقاتی بورڈ تشکیل دے دیا ہے، جو واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر رپورٹ مرتب کرے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشانِ امتیاز (ملٹری)، ہلال جرات، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس اسٹاف، سروسز چیفس اور پاکستان کی مسلح افواج کے تمام افسران و جوانوں نے قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ مسلح افواج کی قیادت نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس المناک سانحے میں ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ دریں اثنا وزیراعظم محمد شہباز شریف نے حادثے پر اظہار افسوس کرتے ہوئے دونوں پائلٹس کی شہادت پر اظہار تعزیت اور گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ حادثے میں شہید ہونے والے جوانوں کی بلندی درجات کے لیے دعا گو ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاک افواج کی دفاع وطن کے لیے پیشہ ورانہ مہارت بے مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور اظہار تعزیت کرتا ہوں، اللہ لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دونوں شہید پائلٹس کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائلٹس نے شہادت کا عظیم رتبہ پایا ہے، ہماری تمام تر ہمدردیاں دونوں شہید پائلٹس کے لواحقین کے ساتھ ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی حادثے میں زخمی ہونے والے 3 افراد کی جلد صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔ ریسکیو کی ایمبولینس اور فائر وہیکل جائے حادثہ پر پہنچ گئیں، طیارے گرنے کے حادثے میں زخمی 2 راہگیروں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 15

ء کو ڈینگی کی موجودہ صورتحال، احتیاطی تدابیر اور حکومتی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ہیلتھ انسپکٹر مری و ڈینگی فوکل پرسن رانا کرامت علی نے ڈینگی سرویلنس، فیلڈ سرگرمیوں اور انسداد ڈینگی مہم کی پیش رفت پر تفصیلی پریزنٹیشن پیش کی۔ اجلاس میں مختلف سرکاری محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی اور ڈینگی کے خاتمے کے لیے بین الادارہ تعاون کو مزید مؤثر بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر متعدد اہم فیصلے بھی کیے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر مری نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ محکمے انسداد ڈینگی سرگرمیوں میں فوری طور پر تیزی لائیں اور فیلڈ آپریشنز میں کسی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈینگی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے ہفتہ وار بنیادوں پر ہاٹ سپاٹس کی نشاندہی اور بروقت رپورٹنگ کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ تمام محکمے عوام میں شعور بیدار کرنے کے لیے ڈینگی آگاہی مواد کی طباعت اور تقسیم کو یقینی بنائیں گے، تا کہ شہریوں کو احتیاطی تدابیر اور حفاظتی اقدامات سے آگاہ کیا جا سکے۔ مزید برآں تمام اداروں کو پابند کیا گیا کہ وہ ہر ہفتے "نو ڈینگی لاروا ڈیکلیریشن سرٹیفکیٹ" جمع کرائیں تا کہ نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر مری کی قیادت میں آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران، اہلکاروں اور شہریوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے ڈینگی کے خاتمے اور صاف ستھرے ماحول کے فروغ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے گھروں اور اردگرد کے ماحول کو صاف رکھیں اور کہیں بھی پانی کھڑا نہ ہونے دیں تا کہ ڈینگی مچھر کی افزائش کو روکا جا سکے۔

بقیہ 16

محکموں کے افسران اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں انسداد ڈینگی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور سوسائٹیز کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی مائیکرو پلاننگ، ایکشن پلان اور لاجسٹکس پلان کو فوری طور پر مکمل کریں تا کہ ڈینگی کے ممکنہ خطرات سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر عبدالرحمٰن خان نے ہدایت کی کہ سوسائٹیز اپنی حدود میں موجود کھلے پلاٹس، قبرستانوں اور دیگر خالی مقامات کی باقاعدہ صفائی اور نگرانی کو یقینی بنائیں تا کہ ڈینگی مچھر کی افزائش کے امکانات کا خاتمہ کیا جا سکے۔ انہوں نے زور دیا کہ انسداد ڈینگی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اور سوسائٹیز باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ پانچ روز بعد فالو اپ اجلاس منعقد کیا جائے گا جس میں جاری سرگرمیوں اور اہداف کے حصول کا جائزہ لیا جائے گا۔ مزید برآں تمام سوسائٹیز کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی اینڈ رائیڈ بیسڈ انسداد ڈینگی سرگرمیوں کی بروقت رجسٹریشن اور رپورٹنگ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ ڈیش بورڈ پر یقینی بنائیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر نے کہا کہ ڈینگی کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ اداروں، سوسائٹیز اور شہریوں کو مشترکہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا تا کہ راولپنڈی کو ڈینگی سے محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 17

کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا ایک مضبوط سلسلہ 16 جون سے ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہونے کا امکان ہے جو 20 جون تک برقرار رہ سکتا ہے، جبکہ بحیرہ عرب سے مرطوب ہوائیں بھی 16 جون سے ملک کے بالائی اور وسطی حصوں میں داخل ہوں گی۔ اس موسمی نظام کے زیر اثر مختلف علاقوں میں بارشوں، آندھی اور گرج چمک کی سرگرمیوں میں اضافہ متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پنجاب اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 16 سے 20 جون کے دوران اسلام آباد، راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال، جہلم، لاہور سمیت مختلف اضلاع میں کہیں کہیں آندھی، جھکڑ چلنے اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش کا امکان ہے، جبکہ بعض مقامات پر موسلا دھار بارش اور ژالہ باری بھی ہو سکتی ہے۔ اسی طرح کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی موسم غیر مستحکم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آزاد کشمیر میں 16 سے 22 جون جبکہ گلگت بلتستان میں 18 سے 22 جون کے دوران تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش متوقع ہے۔ ان علاقوں میں بعض مقامات پر موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کا بھی امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں 16 سے 20 جون کے دوران مختلف اضلاع میں آندھی، جھکڑ چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے جبکہ چند مقامات پر شدید بارش اور ژالہ باری بھی ہو سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ شدید آندھی، جھکڑ، ژالہ باری اور آسمانی بجلی گرنے کے باعث کمزور تعمیرات، بجلی کے کھمبوں، سائن بورڈز، بل بورڈز اور سولر پینلز کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ شہریوں کو خراب موسمی حالات کے دوران غیر ضروری طور پر کھلے مقامات پر جانے سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 16 سے 21 جون کے دوران گلگت بلتستان، کشمیر اور بالائی خیبر پختونخوا کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ بھی موجود رہے گا، جس سے سڑکوں کی بندش اور آمد و رفت میں مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں۔ موسلا دھار بارشوں کے باعث راولپنڈی، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، لاہور اور فیصل آباد کے نشیبی علاقوں میں اربن فلڈنگ اور پانی جمع ہونے کے خدشات بھی ظاہر کیے گئے ہیں۔ محکمہ موسمیات نے کسانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی فصلوں اور زرعی سرگرمیوں کی بروقت دیکھ بھال کریں، جبکہ سیاحوں اور مسافروں کو محتاط رہنے اور غیر ضروری سفر سے اجتناب کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے تمام متعلقہ اداروں، ضلعی انتظامیہ، ریسکیو سروسز اور ہنگامی امدادی اداروں کو الرٹ رہنے اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔

بقیہ 18

ل اور مختلف طبی مراکز کے اشتراک سے خصوصی آگاہی مہم چلائی گئی جس کا مقصد شہریوں کو ڈینگی کے خطرات اور احتیاطی تدابیر سے آگاہ کرنا تھا۔ یونین کونسل ڈھمیال آر-85 میں عالمی یوم ڈینگی کے حوالے سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا جس میں مقامی افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں میں ڈینگی سے بچاؤ کے حوالے سے معلوماتی پمفلٹس بھی تقسیم کیے گئے۔ یونین کونسل کے انٹومولوجسٹ سرفراز احمد نے شرکاء کو ڈینگی مچھر کی افزائش روکنے، گھروں اور اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے اور کھڑے پانی کے خاتمے کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ بحریہ ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں بھی عالمی یوم ڈینگی بھرپور انداز میں منایا گیا۔ بحریہ انٹرنیشنل ہسپتال، عوامی پارکس اور دیگر کھلے مقامات پر آگاہی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا جہاں شہریوں کو ڈینگی وائرس سے بچاؤ کے طریقہ کار سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔ مہم کے دوران آگاہی واکس، تعلیمی سیمینارز اور پمفلٹس کی تقسیم کے ذریعے عوام تک حفاظتی پیغامات پہنچائے گئے۔ اس موقع پر اسپرنگ نارتھ ہسپتال بحریہ ٹاؤن میں خصوصی آگاہی سیشن کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں طبی ماہرین نے ڈینگی بخار کی علامات، بروقت تشخیص، علاج اور احتیاطی تدابیر پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے کہا کہ ڈینگی سے مؤثر تحفظ کے لیے عوامی تعاون ناگزیر ہے اور ہر فرد کو اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے میں کردار ادا کرنا ہوگا۔ علاوہ ازیں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے بھی عوام تک آگاہی پیغامات پہنچائے گئے تا کہ زیادہ سے زیادہ افراد کو ڈینگی سے بچاؤ کے حوالے سے معلومات فراہم کی جا سکیں۔ ماہرین نے اس امر پر زور دیا کہ بارشوں کے موسم میں کھلے برتنوں، ٹائروں، گملوں اور دیگر مقامات پر پانی جمع نہ ہونے دیا جائے کیونکہ یہی مقامات ڈینگی مچھر کی افزائش کا سبب بنتے ہیں۔ بحریہ ٹاؤن فیز 7 اور 8 میں جاری اس آگاہی مہم کی نگرانی جی ایم اعجاز قریشی اور انٹومولوجسٹ مدثر عباس نے کی، جبکہ ٹاؤن انٹومولوجسٹ محمد اسامہ اظہار نے مختلف سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ شرکاء نے عزم کا اظہار کیا کہ ڈینگی کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششیں جاری رکھی جائیں گی اور شہریوں میں شعور اجاگر کرنے کا سلسلہ مزید مؤثر بنایا جائے گا۔ عالمی یوم ڈینگی کے موقع پر مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ انسدادِ ڈینگی صرف سرکاری اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر شہری کا قومی فریضہ ہے، اور مشترکہ کوششوں سے ہی اس موذی مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 19

ارب روپے ہوگا۔ پنجاب کو نیشنل فنانس کمیشن کے تحت قابل تقسیم محاصل سے 3793 ارب 70 کروڑ روپے جبکہ صوبائی محصولات سے 1330 ارب روپے کی آمدن کا تخمینہ ہے۔ بجٹ میں تنخواہوں کیلئے 650 ارب، پنشن کیلئے 505 ارب 80 کروڑ مختص ہوں گے۔ بجٹ میں سماجی تحفظ کیلئے 25 ارب، ستھرا پنجاب پروگرام کیلئے 150 ارب، آپریشنل اخراجات کیلئے 580 ارب 20 کروڑ، دیگر پروگرام سرمایہ کاری کیلئے 221 ارب 90 کروڑ مختص کئے جانے کی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کے مجموعی اخراجات 3569 ارب 60 کروڑ روپے ہوں گے، صوبائی اخراجات کے بعد صوبے کے پاس 1562 ارب 20 کروڑ روپے کا ترقیاتی و مالیاتی اسپیس دستیاب ہوگا۔

بقیہ 20

ٹر چیک اینڈ بیلنس یا اصلاحی کارروائی کے آثار نظر نہیں آئے۔ شہریوں کے مطابق پہلے سے نصب بعض ٹف ٹائلیں بارش کے بعد کئی مقامات پر بیٹھ چکی ہیں، جس کی بنیادی وجہ زمین کی ناکافی کمپیکشن اور تعمیراتی معیار پر سوالات کو قرار دیا جا رہا ہے۔ اس کے باوجود مرکزی شاہراہ کے دائیں جانب ٹف ٹائل بچھانے کا کام بدستور جاری ہے۔ علاقہ مکینوں نے ایک اہم مسئلے کی جانب بھی توجہ دلائی ہے کہ منصوبے کے ساتھ مقامی صنعت کی جانب سے عوامی سہولت کے لیے پینے کے پانی کے تین مستقل کنکشن موجود ہیں، جہاں سے چوبیس گھنٹے پانی کا استعمال جاری رہتا ہے۔ اضافی اور رسنے والا پانی اسی راستے سے گزرتا ہے جہاں ٹف ٹائلیں نصب کی جا رہی ہیں، جبکہ نکاسی آب کا کوئی مؤثر متبادل انتظام دکھائی نہیں دیتا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اتوار کے روز سرکاری تعطیل کے باوجود تعمیراتی کام جاری رہتا ہے، لیکن نگرانی اور معیار کی جانچ کا نظام کہیں نظر نہیں آتا۔ ان کے مطابق اگر نکاسی آب، کمپیکشن اور تعمیراتی معیار کے مسائل کو فوری طور پر حل نہ کیا گیا تو عوامی ٹیکسوں سے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ بھی مختصر عرصے میں متاثر ہو سکتا ہے۔ اہل علاقہ نے محکمہ ہائی وے اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ منصوبے کا فوری تکنیکی معائنہ کرایا جائے، ذمہ داران کا تعین کیا جائے اور ترقیاتی کام کو محض رسمی کارروائی کے بجائے پائیدار اور معیاری بنایا جائے۔

بقیہ 21

کی سکیموں پر خصوصی توجہ متوقع ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر بجٹ کو عوام دوست اور ترقیاتی ترجیحات سے ہم آہنگ کیا گیا۔ پنجاب حکومت 16 جون کو مالی پالیسی، ترقیاتی اہداف اور اخراجات کی حکمت عملی پیش کرے گی۔

بقیہ 22

کو اشتہاری قرار دیدیا۔ پی ٹی آئی کے 4 اکتوبر احتجاج کے دوران پولیس اہلکار کی شہادت سے متعلق مقدمے کی سماعت اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ سماعت کے دوران وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے دوبارہ وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے گئے، عدالت نے سابق اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، عامر مغل، حفیظ الرحمٰن اور دیگر ملزمان کو اشتہاری قرار دیے جانے کا حکم بھی برقرار رکھا۔ اس موقع پر پی ٹی آئی کے رہنما اعظم سواتی عدالت میں پیش ہوئے، جس کے بعد ان کی حد تک مقدمے کا ٹرائل جاری رکھا گیا۔ یاد رہے کہ یہ مقدمہ 4 اکتوبر کے احتجاج کے دوران ایک پولیس اہلکار کی شہادت کے واقعہ سے متعلق درج کیا گیا تھا، پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف یہ مقدمہ اسلام آباد کے تھانہ نون میں درج ہے۔

بقیہ 23

وقت رسپانس دیتے ہوئے آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے فائر فائٹنگ آپریشن کے بعد آگ پر مکمل قابو پا لیا جس سے قریبی عمارتوں اور املاک کو ممکنہ نقصان سے بچا لیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی، تاہم آگ لگنے کی وجہ اور مالی نقصان کے حوالے سے مزید تفصیلات اکٹھی کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 24

ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اس پورے عمل کے دوران تمام متعلقہ فریقوں کے ساتھ فعال رابطہ برقرار رکھا اور مسلسل تحمل، بردباری اور تعمیری سفارتی مکالمے پر زور دیا، پاکستان کا مؤقف رہا ہے کہ تمام مسائل کا واحد قابل عمل حل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان نے امریکا اور ایران کی قیادت کی جانب سے اپنے ملک پر کیے گئے اعتماد کو سراہتے ہوئے دونوں ممالک کے اس عزم کی تعریف کی کہ وہ پرامن اور باہمی اتفاق رائے پر مبنی حل کے لیے مذاکرات جاری رکھیں گے۔ بیان میں سعودی عرب، قطر، ترکیہ، مصر اور دیگر برادر ممالک کے ساتھ ساتھ اقوام متحدہ اور بین الاقوامی شراکت داروں کی مخلصانہ سفارتی کوششوں پر بھی اظہار تشکر کیا گیا، جنہوں نے اس اہم پیش رفت کو ممکن بنانے میں مؤثر کردار ادا کیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان باقی معاملات پر مذاکرات کے دوران بھی وہ اس پیش رفت کو مزید مستحکم بنانے کی ہر ممکن کوشش میں تعاون کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کو توقع ہے کہ 19 جون کو جنیوا میں ہونے والی باقاعدہ دستخطی تقریب اس مثبت پیش رفت کو مزید مضبوط بنائے گی اور یہ معاہدہ خطے سمیت پوری دنیا میں دیرپا امن، استحکام اور مشترکہ خوشحالی کی راہ ہموار کرے گا۔

بقیہ 25

رہے ہیں، 78 سال میں اتنی کامیابی نہیں ملی جو آج ملی ہے، 3 سال سے پاکستان کی کامیابی کی کوششوں کا سب سے بڑا پھل اللہ تعالیٰ نے آج عطا کیا ہے، ایرانی قیادت نے بہت مشکل حالات میں ایرانی قوم کی بہترین نمائندگی کی، ایران کے ساتھ جو دہائیوں سے ناانصافیاں ہو رہی تھیں وہ اب ختم ہوں گی، مختلف سیاسی اختلافات کو زندہ رکھنا، حل کرنا بھی ضروری ہے، سفارتی محاذ پر جو فتح ملی اس سے سبق بھی سیکھنا چاہیے، آیئے ہم سب فلسطین کے لیے اور کشمیر کے لیے بھی متحد ہو کر کھڑے ہوں۔ پیر کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں امریکا ایران امن معاہدے پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان تاریخ ساز لمحات سے گزر رہا ہے اور دنیا میں پاکستان کی عزت اور وقار میں اضافہ ہوا، پاکستان اور پاکستان کی قیادت نے جس تحمل، بردباری اور دانشمندی سے اس معاملہ کو حل کیا یہ 75 سالہ تاریخ کا اہم سنگ میل ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ایرانی بھائیوں نے جس طرح نازک وقت میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا انتہائی دباؤ میں اور انتہائی نازک دور میں جس طرح ان کی قیادت نے ایرانی قوم کی قیادت کی اور جس طرح ایرانی قوم نے اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے وہ لائق ستائش ہے اور اللہ تعالیٰ نے آج ان پر اپنا کرم اور فضل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر امت مسلمہ اسی طرح اتحاد اور اسی طرح کی یگانگت کا مظاہرہ کرے تو وہ دن دور نہیں ہے جب فلسطین کا مسئلہ بھی حل ہوگا اور غزہ کے مسلمانوں کو بھی انصاف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو اعزاز بخشا ہے، پاکستان نے سفارتی محاذ پر اہم کامیابی حاصل کی ہے، پاکستان نے امن کیلئے کوششیں کی ہے جس کا ثمر اللہ تعالیٰ نے دیا ہے، آج سے ایک سال قبل ہم نے ایک اور جنگ لڑی تھی، اللہ تعالیٰ نے اس میں بھی ہمیں فتح نصیب کی اور اس جنگ میں بھی ہماری افواج نے ہمارا سر فخر سے بلند کیا تھا، مختصر مدت میں دو بڑی کامیابیوں پر پوری قوم کو سر بسجود ہونا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ان دو بڑی کامیابیوں کی طرح اتفاق اور اتحاد سے دہشت گردی اور معاشی محاذ پر جنگوں میں بھی ہم فتح حاصل کریں گے، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہم سب کی مشترکہ جنگ ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ وہ امریکی قیادت کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں، امریکا نے اس خطے میں امن کیلئے بہت بڑا قدم اٹھایا ہے اور ایران کے ساتھ جو بے انصافیاں کئی دہائیوں سے ہو رہی تھی ان کو تسلیم کیا ہے اور معاہدے میں اس کی نشاندہی بھی کی ہے، وزیر دفاع نے کہا کہ برادر خلیجی ممالک سے بھی اپیل ہے کہ ان کیلئے بھی یہ ایک سنہری موقع ہے کہ وہ اتحاد اور امن کے اس لمحہ سے فائدہ اٹھائیں، اپنی اقوام اور مسلم امہ کو متحد کریں اور غزہ، کشمیر، لبنان اور جہاں جہاں مسلمانوں کو مسائل کا سامنا ہے ان کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 26

دستیاب نہیں، جس کے باعث پاکستان اسٹاک ایکسچینج نئی بلندیوں کی جانب گامزن ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں منعقدہ گونگ تقریب سے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ آئندہ مالی سال کا بجٹ ملک کو پائیدار معاشی ترقی کی جانب لے جانے کے لیے ایک واضح روڈ میپ فراہم کرتا ہے۔ بجٹ پیش کیے جانے کے بعد مختلف اقتصادی حلقوں اور سرمایہ کاروں کی جانب سے مثبت ردعمل سامنے آیا ہے، جو حکومت کی معاشی پالیسیوں پر اعتماد کا اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں بجٹ پر بحث جاری ہے اور توقع ہے کہ آئندہ مالی سال میں ملکی معیشت مزید مستحکم ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے تجارتی ہال میں سرمایہ کاروں کا اعتماد واضح طور پر محسوس کیا جا سکتا ہے، جو ملکی اقتصادی اشاریوں میں بہتری کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ وزیراعظم کے حالیہ دورہ چین کے دوران پاک چین اقتصادی تعاون کے ایک نئے مرحلے کا آغاز ہوا ہے اور چین پاکستان اقتصادی راہداری) سی پیک (میں کاروبار سے کاروبار (B2B) روابط کو فروغ ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان تجارتی و سرمایہ کاری تعلقات روز بروز مستحکم ہو رہے ہیں، جس سے دونوں ممالک کے نجی شعبوں کو نئے مواقع میسر آئیں گے۔ محمد اورنگزیب نے سروس لانگ مارچ ٹائرز منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ کورونا وبا کے دوران شدید عالمی معاشی مشکلات کے باوجود مکمل کیا گیا، جو انجینئرنگ اور صنعتی ترقی کا ایک شاندار نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ چینی ماہرین اور کارکنوں نے دن رات محنت کر کے اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا، جبکہ اس منصوبے کا بنیادی تصور برآمدات میں اضافہ اور صنعتی پیداوار کو فروغ دینا تھا۔ علاقائی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی کے لیے پاکستان نے اہم سفارتی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل پر امریکا اور ایران دونوں ممالک کی قیادت نے اعتماد کا اظہار کیا، جو پاکستان کی سفارتی کامیابی کا ثبوت ہے۔ ان کے مطابق گزشتہ تین ماہ سے پاکستان اس معاہدے کی کامیابی کے لیے سرگرم سفارتی کوششیں کر رہا تھا جبکہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی کے معاہدے پر آئندہ جمعہ کو دستخط متوقع ہیں۔ اس موقع پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فرخ سبزواری نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشی دباؤ کے باوجود وفاقی وزیر خزانہ نے ایک متوازن اور مثبت بجٹ پیش کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بجٹ میں سپر ٹیکس کے خاتمے سمیت متعدد ایسے اقدامات شامل کیے گئے ہیں جو کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کے لیے حوصلہ افزا ثابت ہوں گے۔ فرخ سبزواری نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیان "تیل کو بہنے دو" کے عالمی منڈیوں پر نمایاں اثرات مرتب ہوئے ہیں اور اس سے توانائی اور مالیاتی منڈیوں میں نئی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمپنیوں کی نئی لسٹنگ سے چینی سرمایہ کاروں اور مشترکہ کاروباری منصوبوں کے لیے نئی راہیں ہموار ہوں گی، جبکہ رواں سال متعدد نئے سرمایہ کاری اکاؤنٹس بھی کھولے گئے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سروس لانگ مارچ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عمر سعید نے کہا کہ پاکستان میں بہت کم کمپنیاں ایسی ہیں جو خاندانی اقدار اور پیشہ ورانہ مہارت کو یکجا کرتے ہوئے کامیابی کے نئے معیار قائم کرتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سروس گروپ کی پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں فہرست شدہ کمپنیوں کی مجموعی مارکیٹ کیپٹلائزیشن ایک ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سروس انڈسٹریز، سروس لانگ مارچ (SLM) اور سروس گلوبل کی مشترکہ مارکیٹ ویلیو مسلسل بڑھ رہی ہے، جو نہ صرف کمپنی کی کامیابی بلکہ پاکستان کے صنعتی اور کاروباری شعبے کے لیے بھی ایک مثبت اشارہ ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سروس گروپ مستقبل میں بھی سرمایہ کاری، برآمدات اور صنعتی ترقی کے ذریعے قومی معیشت میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 27

ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بجٹ سازی کو محض سالانہ ایک روایتی رسم کی بجائے طویل المدتی قومی ترقیاتی حکمت عملی سے جوڑا جانا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی برسوں سے بجٹ زیادہ تر مالی خسارے پر قابو پانے، محصولات بڑھانے اور بیرونی مالیاتی شرائط پوری کرنے تک محدود ہو کر رہ گیا ہے جس کی وجہ سے معیشت وہ گروتھ نہیں دکھا رہی جو اس کی صلاحیت ہے۔ بجٹ میں فوری معاشی مسائل کے حل کو ترجیح دی جاتی ہے جبکہ معیشت کی ترقی کے اصل ٹولز صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافہ، زرعی اصلاحات اور انسانی وسائل کی بہتری جیسے اہم شعبے پس منظر میں چلے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار منصوبہ بندی اور درست اعداد و شمار کے بغیر مؤثر مالی فیصلے ممکن نہیں، پلاننگ کمیشن اور شماریاتی اداروں کے کردار کو مزید فعال بنانے کی ضرورت ہے، ترقی یافتہ معیشتوں نے اپنے بجٹ کو طویل المدتی قومی اہداف سے منسلک کر کے معاشی استحکام حاصل کیا، اس تناظر میں پاکستان کو بھی آئندہ دہائی کے لیے واضح معاشی ترجیحات اور قابل عمل اہداف طے کرنا ہوں گے۔ مدثر مسعود چوہدری نے مزید کہا کہ بجٹ کو صرف آمدن اور اخراجات کے توازن تک محدود رکھنے کے بجائے قومی ترقی کے جامع منصوبے کا حصہ بنایا جانا چاہیے جبکہ مالی استحکام کے ساتھ ساتھ پیداواری صلاحیت اور برآمدات میں اضافہ بھی قومی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔

بقیہ 28

مارشل سید عاصم منیر نے ایک بار پھر کر دکھایا، اس بار صرف اپنے ملک کیلئے نہیں بلکہ دنیا کے لیے کر دکھایا۔ واضح رہے کہ امریکا ایران کے درمیان معاہدہ طے پا گیا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے امریکا اور ایران کے درمیان امن معاہدے کا اعلان کیا۔

بقیہ 29

ن نے شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران امن و امان، سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ اور شہری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر خٹک نے ہدایت کی کہ تمام مجالس اور جلوسوں کے روٹس کو حتمی شکل دے دی گئی ہے اور ان پر سیکیورٹی سمیت دیگر انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں تا کہ عزاداران کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران بین المسالک ہم آہنگی، بھائی چارے اور مذہبی رواداری کے فروغ کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ نفرت انگیز تقاریر، اشتعال انگیز مواد اور فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی اور قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ سوشل میڈیا کی مؤثر مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے اور مذہبی منافرت، افواہوں یا اشتعال انگیزی پر مبنی مواد کی فوری نشاندہی کر کے قانونی کارروائی کی جائے۔ کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ امن و امان کے قیام کے لیے تمام ادارے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ انجینئر عامر خٹک نے ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کے روٹس پر صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات کیے جائیں، سیوریج لائنوں کی بروقت صفائی مکمل کی جائے اور کوڑا کرکٹ فوری طور پر اٹھانے کے لیے خصوصی ٹیمیں تعینات کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عزاداران کو پینے کے صاف پانی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور ضروری مقامات پر واٹر پوائنٹس قائم کیے جائیں۔ کمشنر راولپنڈی نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ حساس مقامات پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب، واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور دیگر سیکیورٹی آلات کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔ جلوسوں اور مجالس کے داخلی و خارجی راستوں پر جامع سیکیورٹی انتظامات کیے جائیں اور ایمرجنسی رسپانس کے لیے ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور محکمہ صحت کی ٹیمیں ہمہ وقت الرٹ رہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ تمام مجالس اور جلوس مقررہ اوقات اور طے شدہ شیڈول کے مطابق منعقد کیے جائیں۔ منتظمین ضابطہ اخلاق کی مکمل پاسداری کریں اور انتظامیہ کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں تا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر خٹک نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران عوام کے جان و مال کے تحفظ، مذہبی ہم آہنگی کے فروغ اور پرامن ماحول کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور متعلقہ محکمے باہمی تعاون سے محرم الحرام کے دوران مثالی انتظامات کو یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 30

گئے ہیں، ڈی این اے کے سیمپل فورنزک ٹیسٹ کے لئے لاہور بھیجے گئے ہیں۔ پولیس نے پوسٹمارٹم کے بعد بچے کی ڈیڈ باڈی ورثا کے حوالے کر دی ہے۔

بقیہ 31

ہیں۔ گینگز کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 32

نے بتایا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 33

رائیس ایچ او ڈگری سلیم سراج سموں نے مرکزی امام بارگاہ باب العلم کے چیئرمین زوار سید بشیر احمد شاہ نقوی سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے اہم نکات ملاقات میں یوم عاشور کے مرکزی جلوس کے روٹس، سکیورٹی پلان اور دیگر انتظامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا؟ چیئرمین زوار سید بشیر احمد شاہ نقوی نے انتظامیہ کو جلوس کے روٹس اور عزاداروں کو درپیش مسائل کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی؟ انتظامیہ اور امام بارگاہ انتظامیہ کے مابین پرامن فضا کو برقرار رکھنے اور عزاداری کے دوران مثالی انتظامات یقینی بنانے پر اتفاق کیا گیا؟ دورے کے دوران ڈاکٹر اسلم شاہ، اسسٹنٹ مختیار کار ایاز حسین شالمانی، تصور لغاری سمیت صحافی برادری اور معززین علاقہ بھی موجود تھے۔ انتظامیہ نے یقین دہانی کرائی کہ محرم الحرام کے دوران سکیورٹی اور دیگر سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔

بقیہ 34

کے مطابق ایمرجنسی میں موجود ڈاکٹر نے مریض کے لواحقین کو بتایا کہ مریض کی جان بچانے کے لیے جس مخصوص دوا کی فوری ضرورت ہے وہ ہسپتال میں دستیاب نہیں۔

بقیہ 35

ترقی، عوامی فلاح اور نئے منصوبوں کا روڈ میپ بجٹ میں شامل کئے جانے کا امکان ہے۔ پنجاب کا اربوں روپے کا ترقیاتی پروگرام اور اہم شعبوں کے فنڈز بجٹ کا حصہ ہوں گے، بجٹ میں تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر اور سماجی شعبے کی سکیموں پر خصوصی توجہ متوقع ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر بجٹ کو عوام دوست اور ترقیاتی ترجیحات سے ہم آہنگ کیا گیا۔ پنجاب حکومت 16 جون کو مالی پالیسی، ترقیاتی اہداف اور اخراجات کی حکمت عملی پیش کرے گی۔

بقیہ 36

کاری اور غیر حتمی نتیجوں کے بعد الیکشن کمیشن نے 7 حلقوں کے نتائج روک لیے تھے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے روکے گئے غیر حتمی/ غیر سرکاری نتائج کے مطابق جی بی اے-19 غذر II میں مسلم لیگ (ن) کے عبدالجہان کامیاب قرار دیے گئے۔ جی بی اے-19 غذر I میں پیپلز پارٹی کے سید جلال شاہ نے نشست جیتی، جی بی اے-3 گلگت III میں آزاد امیدوار سہیل عباس کامیاب ہوئے۔ جی بی اے-10 اسکردو IV میں پیپلز پارٹی کے راجہ ناصر علی خان نے کامیابی حاصل کی، جی بی اے-15 دیامر I سے آزاد امیدوار محمد دل پذیر فاتح قرار پائے، جی بی اے-5 نگر I میں پیپلز پارٹی کے ذوالفقار علی مراد کامیاب ہوئے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے محفوظ کیے گئے فیصلوں کے اعلان کے بعد ان حلقوں کے نتائج سے متعلق حتمی صورتحال واضح ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ 37

روری ہے کہ ایران گیس پائپ لائن کو مکمل کریں، آزادانہ تجارت شروع ہو اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں ان تمام فیکٹرز کو دور کیا جائے جو ملک میں تقسیم کا باعث ہیں اور تمام صوبوں اور پوری عوام کو ایک پیج پر لایا جائے۔

بقیہ 38

ہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام نے مزید بتایا کہ حادثے کی تحقیقات شروع کر دی ہے، ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، جاں بحق ہونے والوں کی لاشوں کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر دیا گیا۔

بقیہ 39

پر روک دینا اتنا مفید نہیں جتنا لوگ تصور کرتے ہیں۔ تحقیق میں بتایا گیا کہ درحقیقت چینی سے مکمل دوری معدے اور میٹابولک صحت پر منفی اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ اس تحقیق میں چوہوں کو شامل کر کے انہیں کم چکنائی والی ایسی غذا کا استعمال کرایا گیا جس میں چینی بالکل موجود نہیں تھی۔ تحقیق میں چوہوں کے ایک اور گروپ کو بھی شامل کر کے کم چکنائی والی ایسی غذا استعمال کرائی گئی جس میں چینی موجود تھی۔ 16 ہفتوں تک دونوں گروپس کو ان غذاؤں کا استعمال کرایا گیا اور دیکھا گیا کہ چینی سے مکمل دوری سے چوہوں کے جسموں میں انسولین کی حساسیت، میٹابولک ہارمونز کی گردش، گلوکوز کی سطح، معدے میں موجود بیکٹیریا جبکہ جگر اور آنتوں میں ورم پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ نتائج سے معلوم ہوا کہ چینی سے دور رہنے والے چوہوں کو متعدد منفی اثرات کا سامنا ہوا۔ ان کا گلوکوز کنٹرول متاثر ہوا، انسولین کی مزاحمت بڑھ گئی، معدے میں بیکٹیریا کا توازن بگڑ گیا، آنتوں میں ورم بڑھا جبکہ جگر پر چربی چڑھنے کا خطرہ بڑھ گیا۔ محققین نے بتایا کہ نتائج سے عندیہ ملتا ہے کہ غذا سے چینی کو مکمل طور پر نکالنا معدے اور میٹابولزم کی صحت کے لیے نقصان دہ ہوتا ہے۔

بقیہ 40

مقررین کا کہنا تھا کہ ڈینگی کے خاتمے کے لیے احتیاط سب سے بڑا ہتھیار ہے۔ شہری اپنے گھروں اور کام کی جگہوں پر پانی جمع نہ ہونے دیں اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو ہر ممکن حد تک یقینی بنائیں۔ اس موقع پر ماہرینِ صحت نے عام بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حفظانِ صحت کے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر اور خاص طور پر کھانا کھانے سے پہلے باقاعدگی سے ہاتھ دھونے کی عادت اپنا کر ہم پھپھوندوں اور دیگر وبائی امراض سے خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ واک کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر ڈینگی گائیڈ لائنز اور صفائی کی اہمیت کے حوالے سے پیغامات درج تھے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومتی ایس او پیز پر عمل درآمد کرواتے ہوئے ڈینگی کے خلاف مہم کو کامیاب بنایا جائے گا۔

بقیہ 41

وہ سات بچوں کی ماں ہیں جبکہ ان کے شوہر نے چار بچوں کو اپنے پاس رکھا ہوا ہے۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ چاروں بچوں کو بازیاب کرا کے ان کے حوالے کیا جائے۔ عدالتی حکم پر جھنگ پولیس چاروں بچوں کو لاہور ہائیکورٹ میں پیش کرنے کے لیے عدالت میں لے کر آئی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار خاتون نے عدالت کو بتایا کہ ان کے شوہر نے بچوں کو ان سے الگ کر رکھا ہے اور وہ اپنے بچوں کی حوالگی چاہتی ہیں۔ دوسری جانب بچوں کے والد نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ ان کی اہلیہ خود بچوں کو چھوڑ کر اپنے میکے چلی گئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ بچے بھی اپنی والدہ کے ساتھ رہنے پر آمادہ نہیں اور ان کے ساتھ ہی رہنا چاہتے ہیں۔ فریقین کے وکلاء کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے بچوں کو ان کی والدہ کے سپرد کر دیا، عدالتی کارروائی کے بعد بچے والد کے ساتھ جانے کے لیے روتے اور چیخ و پکار کرتے رہے۔

بقیہ 42

دھرچکری روڈ پر ایک شہری کو گلی میں جاتے ہوئے دو نامعلوم افراد نے روک کر موبائل فون چھین لیا اور فرار ہو گئے۔ مسلسل سامنے آنے والے ان واقعات کے بعد شہری حلقوں میں سوال اٹھایا جا رہا ہے کہ آخر گرجا چوکی اور تھانہ ڈھمیال کی حدود میں بڑھتے جرائم پر مؤثر نگرانی کب نظر آئے گی؟ ذرائع کے مطابق واقعات کی تحقیقات جاری ہیں اور ملزمان کی تلاش بھی جاری ہے۔

بقیہ 43

ہے کہ امریکا کی بحری ناکہ بندی آج رات سے ختم ہوگی، معاہدے کا متن دستخط کے بعد جاری ہوگا۔ ایران معاہدے پر عمل درآمد جمعے سے کرے گا۔ کاظم غریب آبادی کا کہنا ہے کہ مفاہمی یادداشت کا مطلب دشمن پر اعتماد کرنا نہیں، حتمی معاہدے کے لیے مذاکرات 60 دن میں ہوں گے۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ نے کہا کہ معاہدے کی پاسداری نہ ہوئی تو ایران ردعمل دے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی فوجی طاقت نے معاہدے کے متن کو حتمی شکل دینے میں مدد کی۔ ایم او یو پر اس وقت تک اتفاق نہیں کیا جب تک کہ اپنے مطالبات کو متن میں شامل نہ کر لیا۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ 60 روزہ مذاکراتی عمل میں پابندیوں کے خاتمے پر فوکس کیا جائے گا۔ منجمد اثاثوں کی بحالی، ناکہ بندی اور جنگ کا خاتمہ ہونے پر مذاکرات میں شامل ہوں گے۔ کاظم غریب آبادی نے کہا کہ آئندہ مذاکرات میں ثالث موجود رہیں گے۔ 60 روزہ مذاکرات میں جوہری معاملات زیرِ بحث آئیں گے، 60 روزہ مذاکرات میں پابندیوں کے خاتمے پر بات ہوگی، ایران کی تعمیرِ نو کے طریقہ کار بھی زیرِ بحث آئیں گے۔

بقیہ 44

بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان یہ معاہدہ سفارتکاری، مذاکرات اور باہمی اعتماد کی بحالی کی سمت ایک مثبت اور حوصلہ افزا قدم ہے۔

بقیہ 45

یہ کامیابی وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر صوبائی حکومت، محکمہ مال اور جنگلات کے تعاون کے نتیجے میں حاصل ہوئی۔

بقیہ 46

صحیح طور پر ظاہر ہوتا ہے۔

بقیہ 47

زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کامیاب تربیتی پروگرام کے انعقاد پر فیس کے منتظمین کو خراجِ تحسین پیش کیا۔

بقیہ 48

جمعہ کو جنگ بندی کے معاہدے پر دستخط کے بعد کھل جائے گی، آبنائے ہرمز کو بارودی سرنگوں سے پاک کرنے کے لیے کھولا جائے گا۔

بقیہ 49

والوں کی شناخت نہیں ہو سکی۔ امریکی میڈیا کے مطابق ایک ہیلی کاپٹر الیکٹرک کار پارکنگ پر گرا جس سے کئی گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے، حکام نے حادثے کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔

بقیہ 50

قیام کا منصوبہ خوش آئند ہے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹ فیصل آباد کا انتخاب کر کے ویوو کمپنی نے سرمایہ کاری کے لئے ایک بہترین مقام کا انتخاب کیا ہے۔ چینی کمپنی کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کرنے والی صنعتوں کو وفاقی سطح پر نہیں بلکہ ایک ہی کھڑکی کے تحت تمام اداروں سے مطلوبہ سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ صوبے میں نئی سرمایہ کاری لانا اور صنعت کاری کا عمل تیز کرنا میرا عزم ہے۔ چینی سرمایہ کاروں کے لئے آسانیاں پیدا کرنے کے لئے این او سی کا سنگل ونڈو آپریشن متعارف کروا دیا ہے۔ نئی سرمایہ کاری کے لئے ہر قسم کی رکاوٹیں دور کرنے کے لئے صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی بھی تشکیل دے دی ہے۔ حکومت پنجاب میں بزنس فیسلیٹیشن سینٹرز پروجیکٹ لانچ کرنے جا رہی ہے۔ یہ سینٹرز ون اسٹاپ شاپ کی طرز پر قائم ہوں گے۔ یہاں تمام سرکاری محکموں کی خدمات ایک ہی چھت تلے میسر ہوں گی۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں چینی سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔ پنجاب میں مزید چینی کمپنیوں کو سرمایہ کاری کے لئے راغب کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں صنعت کاری کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 51

سے وفاق خیبر پختونخوا کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچیسویں آئینی ترمیم کے بعد این ایف سی کے تحت ہر سال ہونے والی وسائل کی تقسیم غیر آئینی ہے کیونکہ آئین واضح طور پر یہ تقاضا کرتا ہے کہ این ایف سی کا حصہ چاروں صوبوں میں تقسیم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سن 2018 میں پچیسویں آئینی ترمیم کے تحت سابق فاٹا کا خیبر پختونخوا میں انضمام ہوا جس کے نتیجے میں 60 لاکھ سے زائد آبادی صوبے کا حصہ بنی، تاہم آج بھی ضم اضلاع کا حق خیبر پختونخوا کو دینے کے بجائے دیگر صوبے آپس میں تقسیم کر رہے ہیں اور صوبے کو اس کا جائز حصہ نہیں دیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ اسی معاملے پر وفاقی وزیر کے ساتھ بھی ان کی تفصیلی گفتگو ہوئی اور انہوں نے واضح کیا کہ موجودہ این ایف سی ایوارڈ عملاً غیر مؤثر اور متروک ہو چکا ہے، لہٰذا اسے فوری طور پر اپ ڈیٹ کیا جانا چاہیے یا گیارہواں این ایف سی ایوارڈ تشکیل دیا جانا چاہیے۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ پنجاب حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا کے لیے گندم کی فراہمی مسلسل روکی جا رہی ہے، جو آئین کے آرٹیکل 151 کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک غیر آئینی اقدام ہے اور اس حوالے سے مولانا فضل الرحمان کے ساتھ مکمل اتفاق رائے پایا گیا ہے کہ ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر دونوں جماعتیں مشترکہ آواز اٹھائیں گی اور اس غیر آئینی اقدام کے خلاف جدوجہد کریں گی۔

دینی مدارس کی رجسٹریشن کیلئے قانون سازی کی حمایت کرینگے

پچیسویں آئینی ترمیم کے بعد این ایف سی کے تحت ہر سال ہونے والی وسائل کی تقسیم غیر آئینی ہے

صوبائی حکومت دینی مدارس کی رجسٹریشن کے لیے قانون سازی کی حمایت کرے گی اور اس سلسلے میں مثبت اور تعمیری کردار ادا کرے گی، وزیراعلیٰ

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے مفتی محمود مرکز میں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملاقات کا مقصد صوبے کے آئینی و مالی حقوق کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کرنا اور ان امور پر اتفاق رائے پیدا کرنا تھا تاکہ صوبے کے مفادات کے تحفظ کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کیا جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حقوق میں سب سے اہم مسئلہ خیبر پختونخوا کا این ایف سی میں حصہ ہے اور گزشتہ آٹھ سال (بقیہ نمبر 1 5)

اسرائیل ڈیل کو سبوتاژ کرسکتا ہے، اہلکار ایرانی وزارت خارجہ

خدشات ہیں کہ آخری لمحوں میں اسرائیل کی جانب سے مزید کوئی ایسی تخریبی کارروائی کی جائے

تہران (یواین پی) ایران کے وزارت خارجہ کے سینئر اہلکار نے تصدیق کی ہے امریکا اور ایران کے درمیان ڈیل کا امکان ہے تاہم خبردار کیا ہے کہ آخری لمحات میں بھی اسرائیل کی جانب سے اس ڈیل کو سبوتاژ کیے جانے (بقیہ نمبر 2 5)



لاہور: حضوری باغ سے لی گئی تصویر میں شاہی قلعے کے مرکزی دروازے کا دلکش منظر۔

خانیوال، پرانی دشمنی پر مخالفین کی فائرنگ سے 4 افراد جاں بحق

چاروں افراد عدالت میں پیشی کے لیے کچاکھوہ سے خانیوال آ رہے تھے

خانیوال (یواین پی) خانیوال میں پرانی دشمنی پر مخالفین کی فائرنگ سے 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق چاروں افراد عدالت میں پیشی کے لیے کچاکھوہ سے خانیوال آ رہے تھے کہ نیازی چوک پر مخالفین نے ان پر فائرنگ کر دی۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ میں 4 افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے، جن کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔ پولیس (بقیہ نمبر 2 1)

فیصل آباد کی تحصیل جڑانوالہ ہسپتال میں ادویات کی عدم دستیابی

مریض کو تشویشناک حالت میں فیصل آباد کے الائیڈ ہسپتال ریفر کیا گیا

فیصل آباد (یواین پی) فیصل آباد تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جڑانوالہ میں مبینہ طور پر ضروری ادویات کی عدم دستیابی کے باعث ایک اور مریض زندگی کی بازی ہار گیا، جس پر شہریوں میں شدید تشویش اور غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مہر اسلم کھیکھیار کو دل کا دورہ پڑنے کے بعد فوری طور پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جڑانوالہ منتقل کیا گیا۔ ذرائع (بقیہ نمبر 3 4)

سرگودھا: ایک موٹر سائیکل سوار طوفان سے متاثرہ بجلی کے پول کے نیچے سے گزر رہا ہے جو ہائی گلی میں خطرناک حد تک جھکا ہوا ہے، جس کی الجھی ہوئی تاریں سڑک پر نیچے لٹک رہی ہیں اور شہریوں کے لیے شدید خطرہ بنی ہوئی ہیں کیونکہ حکام نے ابھی تک اس خطرے کو دور نہیں کیا ہے۔

نیب کی کارروائی اربوں روپے مالیت کی سرکاری اراضی واگزار

غیر قانونی قبضوں کی روک تھام کے لیے جدید ریکارڈ سسٹم، ڈیجیٹلائزیشن آخری مراحل میں داخل

نیب اور بلوچستان حکومت کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عملدرآمد کے لئے پرعزم

کوئٹہ (این ای این) قومی احتساب بیورو بلوچستان نے ریاستی عملداری کی بحالی اور سرکاری وسائل کے تحفظ کے حوالے سے ایک بڑی پیش رفت کرتے ہوئے اربوں روپے مالیت کی سرکاری اراضی واگزار کرائی۔ یہ کارروائیاں نیب ہیڈ کوارٹرز کی ہدایات پر عمل میں لائی گئیں، جن کا مقصد غیر قانونی قبضوں کا خاتمہ، شفاف احتساب کا فروغ اور لوٹی گئی قومی دولت کی واپسی کو یقینی بنانا ہے، (بقیہ نمبر 45)

لاہور: موٹر سائیکل سوار فیملی سڑک کنارے بیٹھی خاتون سے ادرک خرید رہی ہے۔

ایران کے ساتھ معاہدہ مکمل ہوگیا، صدر ٹرمپ کی سب کو مبارکباد

کئی صدور ایران کے ساتھ امن قائم کرنے میں ناکام رہے

واشنگٹن (یواین پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ سب کو مبارکباد، ایران کے ساتھ معاہدہ مکمل ہوگیا۔ اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایرانی بندرگاہوں کی امریکا کی بحری ناکہ بندی ہٹادی گئی ہے۔ دنیا بھر کے جہاز اپنی سرگرمیاں شروع کریں، تیل کی ترسیل بحال ہونے کا وقت آ گیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ آبنائے ہرمز (بقیہ نمبر 48)

برازیل، دو ہیلی کاپٹر فضا میں ٹکرا گئے، امریکی گلوکار سمیت 6 افراد ہلاک

لاشیں مکمل طور پر جھلس جانے کے باعث ہلاک ہونے والوں کی شناخت نہیں ہوسکی، حکام

ریوڈی جنیرو (یواین پی) برازیل کے شہر ریوڈی جنیرو میں ہیلی کاپٹر حادثے میں مشہور امریکی گلوکار اوویلور ٹری سمیت 6 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق دو ہیلی کاپٹر فضا میں آپس میں ٹکرائے جس سے دونوں ہیلی کاپٹرز میں موجود 6 افراد ہلاک ہوئے۔ حکام کا کہنا تھا کہ لاشیں مکمل طور پر جھلس جانے کے باعث ہلاک ہونے (بقیہ نمبر 49)

سرمایہ کاری کے فروغ میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہونے دینگے، شافع حسین

صوبے میں نئی سرمایہ کاری لانا اور صنعت کاری کا عمل تیز کرنا میرا عزم ہے، وزیر صنعت و تجارت پنجاب

شافع حسین نے چینی موبائل کمپنی کا انڈسٹریل اسٹیٹ فیصل آباد میں لیکٹرکشن کیلئے ایم او یو کا سنگ میل قرار دیا

لاہور (این ای این) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے چینی ویوو (VIVO) موبائل کمپنی کی ایک وفد نے ملاقات کی۔ وفد نے پنجاب میں سرمایہ کاری اور موبائل فون مینوفیکچرنگ کے حوالے سے گفتگو کی۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب سرمایہ کاری بورڈ ڈاکٹر سہیل اشرف بھی اس موقع پر موجود تھے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کا کہنا تھا کہ ویوو (VIVO) موبائل کمپنی کی جانب سے انڈسٹریل اسٹیٹ فیصل آباد میں پلانٹ لگانے کے سلسلے میں ایم او یو گزشتہ سال سائن ہوا، اور اس سلسلے میں کارروائی آگے بڑھانے پر ویوو کمپنی کا پنجاب میں موبائل مینوفیکچرنگ پلانٹ کے (بقیہ نمبر 50)



شہر میں خرید و فروخت کا سلسلہ جاری ہے، تاجر ہول سیل فروٹ مارکیٹ میں مالکو رموسمی خربوزوں کے ڈھیر لگا کر انہیں سجا رہے ہیں۔

اسے باز آمریکہ چینی کمپنیوں کو فوجی وابستگی کا لیبل لگانے کی من مانی پالیسیے، چینی میڈیا

بیجنگ (یواین پی) امریکی محکمہ دفاع نے حال ہی میں اپنی نام نہاد "چینی ملٹری کمپنیوں کی فہرست" کو ایک بار پھر اپ ڈیٹ کرتے ہوئے علی بابا، بی وائی ڈی اور ووٹی ایپ ٹیک سمیت متعدد ایسی چینی کمپنیوں کو اس میں شامل کرلیا ہے جو مکمل طور پر شہری شعبے سے وابستہ ہیں۔ فہرست میں شامل کمپنیوں کی تعداد اب 188 تک پہنچ گئی ہے اور اس کے دائرہ کار میں مسلسل توسیع کی جارہی ہے، جس سے ان کمپنیوں کی سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالنے کا ارادہ و (بقیہ نمبر 46)

جدید زرعی تقاضوں سے ہم آہنگ پیشہ ورانہ تربیت وقت کی اہم ضرورت ہے، افتخار علی سہو

فیصل آباد (یواین پی) فیس (فوڈ سیفٹی اینڈ ایگریکلچر سنٹر آف ایکسیلنس) کے زیر اہتمام زرعی توسیعی افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور انہیں جدید زرعی علوم و ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے کیلئے ایک تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ تربیتی پروگرام کی اختتامی تقریب میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری (بقیہ نمبر 47)

شہر میں گرمی کے شدید درجہ حرارت کے باعث برف کی مانگ میں اضافے کے دوران ایک مزدور سڑک کنارے لگی دکان پر ٹرانسپیکل لوڈر سے برف کے بڑے بلاکس اتار رہا ہے۔

بلاول بھٹو زرداری کا امریکا۔ایران امن معاہدے کا خیر مقدم

یہ معاہدہ مستقبل میں خطے میں مزید اعتماد سازی، اقتصادی تعاون اور امن کے فروغ کے لیے نئی راہیں کھولے گا، بلاول بھٹو زرداری

کراچی (یواین پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ریاستہائے متحدہ امریکا اور اسلامی جمہوریہ ایران کے درمیان طے پانے والے امن معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور مذاکرات کے ذریعے پائیدار امن کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں (بقیہ نمبر 44)

ایرانی قومی سلامتی کونسل نے مفاہمتی یادداشت کے متن کو حتمی شکل دے دی

معاہدے کا متن دستخط کے بعد جاری ہوگا، معاہدے پر عمل درآمد جمعے سے کرے گا

تہران (یواین پی) ایرانی قومی سلامتی کونسل نے ایران امریکا مفاہمتی یادداشت کے متن کو حتمی شکل دے دی۔ ایک بیان میں ایرانی قومی سلامتی کونسل نے کہا کہ لبنان سمیت فوجی کارروائیاں آج سے فوری اور مستقل طور پر ختم ہوں گی۔ بیان کے مطابق معاہدے پر دستخط جمعہ 19 جون کو ہوں گے، ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی فوری اور مکمل طور پر ختم ہوگی۔ ادھر ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا (بقیہ نمبر 43)

ہٹیاں بالا: وادی لیپہ کے گاؤں سید پورہ میں بچے لکڑی کا پل کراس کر رہے ہیں۔

گرجا روڈ اور چکری روڈ پر ایک ہی روز جرائم کی یلغار، شہری عدم تحفظ کا شکار

تھانہ دھمیال کی حدود میں چور سرگرم، دن دہاڑے اور رات گئے گھروں کے تالے ٹوٹنے لگے

شادی میں گئے خاندان لوٹے، گھر واپسی پر زیورات اور نقدی غائب، شہری سوال اٹھانے لگے

چکری روڈ پر سنیچرز بھی متحرک، راہگیر سے موبائل چھین کر فرار، گرجا چوکی کی کارکردگی زیر بحث

راولپنڈی (عبدالرحمان) تھانہ دھمیال خصوصاً گرجا روڈ اور گردونواح میں ایک ہی روز پیش آنے والے چوری اور سنیچنگ کے تین الگ واقعات نے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑا دی۔ اطلاعات کے مطابق ایک واقعے میں گھر کے مکین کی غیر موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے نامعلوم افراد گھر کے تالے توڑ کر نقدی، موبائل فونز اور لاکھوں مالیت کے طلائی زیورات لے اڑے۔ دوسرے واقعے میں اہل خانہ شادی میں شرکت کے لیے گھر سے باہر گئے تو واپسی پر گھر کے تالے ٹوٹے ملے جبکہ الماری سے طلائی زیورات غائب تھے۔ ا (بقیہ نمبر 42)

بچوں کی حوالگی سے متعلق کیس، والد کی تحویل سے لیکر والدہ کے حوالے کرنے کا حکم

بچے والدہ کے ساتھ جانے سے انکار کرتے رہے، والد کے ساتھ جانے کے لیے چیخ و پکار

لاہور (یواین پی) لاہور ہائیکورٹ نے بچوں کی حوالگی سے متعلق ایک اہم کیس میں چار بچوں کو ان کے والد کی تحویل سے لے کر والدہ کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا۔ تاہم عدالتی کارروائی کے دوران بچے والدہ کے ساتھ جانے سے انکار کرتے رہے اور والد کے ساتھ جانے کے لیے چیخ و پکار کرتے رہے۔ جسٹس محمد طارق ندیم نے سائلہ آسیہ بی بی کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار خاتون نے موقف اختیار کیا کہ (بقیہ نمبر 41)

ایم پی اے پنجاب چوہدری نواز احمد اسلام آباد میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں۔

جنرل ہسپتال میں انسدادِ ڈینگی ڈے کا انعقاد، آگاہی سیمینار اور واک

ڈینگی کے خاتمے کیلئے احتیاط سب سے بڑا ہتھیار ہے، پروفیسر ندرت سہیل

لاہور (یواین پی) حکومت پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں لاہور جنرل ہسپتال میں انسداد ڈینگی ڈے منایا گیا۔ اس سلسلے میں عوام میں شعور بیدار کرنے کیلئے آگاہی سیمینار اور واک کا اہتمام کیا گیا جس کی قیادت وائس پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر ندرت سہیل، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین اور پروفیسر ڈاکٹر خرم سلیم نے کی۔ سیمینار اور واک میں ڈاکٹر ثمینہ توفیق، ڈاکٹر جعفر حسین شاہ، ڈاکٹر سلمان شکیل، صائمہ فتح سمیت ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکل سٹاف اور میڈیکل سٹوڈنٹس نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے طبی ماہرین نے ڈینگی کی علامات، اس سے بچاؤ اور احتیاطی تدابیر پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ (بقیہ نمبر 40)

ایران امریکہ جنگ بندی میں حکومت کے کردار کو سراہتے ہیں

کراچی (یواین پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے اپنے وڈیو بیان میں کہا ہے کہ ایران امریکہ جنگ بندی میں حکومت کے کردار کو سراہتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ ایران امریکہ جنگ بندی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے (بقیہ نمبر 37)

تحصیل انتظامیہ ڈگری کا مرکزی امام بارگاہ باب العلم کا دورہ

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) تحصیل انتظامیہ ڈگری کا مرکزی امام بارگاہ باب العلم کا دورہ، سکیورٹی اور انتظامات کا جائزہ؟ ڈگری محرم الحرام کے پرامن انعقاد اور عزاداروں کی سہولت کے پیش نظر تحصیل انتظامیہ ڈگری نے مرکزی امام بارگاہ باب العلم کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈگری اختر علی لاشاری، ڈی ایس پی ڈگری خدا بخش تھہو او (بقیہ نمبر 33)

قصور، حفظ کا طالب علم مبینہ زیادتی و تشدد کے بعد قتل

قصور (یواین پی) راؤ خانوالہ میں مدرسہ میں حفظ کے طالب علم کو مبینہ زیادتی و تشدد کے بعد قتل کر دیا، 8 سالہ ریحان ساجد مدرسہ میں حفظ کا طالب علم تھا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق رات گئے بچے کو بے ہوشی کی حالت میں ہسپتال لایا گیا جو جان کی بازی ہار چکا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ بچے کے جسم پر تشدد کے نشانات ہیں زیادتی کی تصدیق کے لئے نمونے لئے (بقیہ نمبر 30)

فیصل آباد: پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کرلیا

فیصل آباد (یواین پی) فیصل آباد۔ پولیس کا جرائم پیشہ افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل جاری ستیانہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کرلیا گینگ کا سرغنہ فیضان اپنے ساتھی رحمان سمیت گرفتار کر لیا گرفتار گینگ سے موبائل فونز، اسلحہ اور نقدی برآمد ہوئی، گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے۔ شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری (بقیہ نمبر 31)

گلگت بلتستان کے 7 حلقوں میں انتخابی اعتراضات پر سماعت مکمل

چیف الیکشن کمشنر گلگت بلتستان راجہ شہباز نے 7 حلقوں میں دائر انتخابی اعتراضات سے متعلق درخواستوں پر سماعت کی۔ سماعت کے بعد الیکشن کمیشن جی بی نے اپنا فیصلہ محفوظ کرلیا جو جلد سنائے جانے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ 7 جون کو ہونے والے انتخابات کے بعد سامنے آنے والے غیر سر (بقیہ نمبر 36)

سکردو (یواین پی) الیکشن کمیشن گلگت بلتستان نے 17 انتخابی حلقوں میں انتخابی اعتراضات پر سماعت مکمل کر کے فیصلہ محفوظ کرلیا۔ چیف الیکشن کمشنر گلگت بلتستان راجہ شہباز نے 7 حلقوں میں دائر انتخابی اعتراضات اور ووٹوں کی دوبارہ گنتی سے

حیدرآباد: شہر میں گرم موسم کے دوران سیدھی دھوپ سے بچنے کے لیے راستے میں ایک موٹر سائیکل سوار نے اپنے چہرے کو کپڑے کے ٹکڑے سے ڈھانپ رکھا ہے۔

نواب شاہ، دو گاڑیوں میں تصادم، بچی اور خاتون جاں بحق، 10 افراد زخمی

جاں بحق افراد میں ایک بچی اور خاتون شامل ہے، واقعہ تیز رفتاری کے وجہ سے پیش آیا، امدادی ٹیموں کی مدد جاں بحق ہونے والے افراد اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ جاں بحق افراد میں ایک بچی اور خاتون شامل ہے، واقعہ تیز رفتاری کے وجہ سے پیش آیا، زخمیوں میں شامل ایک زخمی کو تشویش ناک حالت ہونے پر نوابشا (بقیہ نمبر 38)

نواب شاہ (یواین پی) نواب شاہ کے علاقہ قاضی احمد کے قریب اُمری روڈ کے مقام پر کار اور ڈالے میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں بچی اور خاتون جاں بحق اور 10 سے زیادہ افراد زخمی ہوگئے، واقعہ کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچیں، پولیس نے

چینی کا استعمال مکمل ختم کرنا صحت کیلئے نقصان دہ ہوتا ہے، تحقیق

درحقیقت چینی سے مکمل دوری معدے اور میٹابولک صحت پر منفی اثرات مرتب کرسکتی ہے

فیصل آباد (یواین پی) یقیناً آپ بھی ان افراد میں شامل ہیں جنہیں اکثر و بیشتر اچانک کچھ میٹھا کھانے کی طلب ضرور ہوتی ہے۔ چینی کا استعمال موجودہ عہد میں عام ہے اور اس کی زیادہ مقدار کا استعمال مختلف امراض کا خطرہ بڑھاتا ہے۔ مگر اس سے مکمل دوری بھی صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے۔ یہ بات ایک نئی طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ کویت کے Dasman ڈائبیٹس انسٹیٹیوٹ کی تحقیق میں بتایا گیا کہ چینی کا استعمال مکمل طور (بقیہ نمبر 39)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

عوامی ہوسٹ

اپنے کاروبار کے لیے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ!

صرف -5000/- روپے میں

(یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے)

ہوسٹنگ پیکج کے فیچرز

- Free .com Domain
- Free SSL Certificate
- 1-Click WordPress Installer
- Unlimited Space & Bandwidth
- Unlimited Email Accounts
- Unlimited MySQL databases
- Unlimited Subdomains
- Latest Version of PHP, MYSQL, and cPanel
- 24/7/365 Support
- 100% Up time Guarantee
- Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا۔

E-Commerce Website - Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035